# گائیڈ بک برائے توسیعی سرگرمیاں

## فیلڈورک 1 اور 2 کے نتائج











JICA-API/NARC
The Project for Capacity Development of
Agriculture Extension Services in Balochistan Province

# گائیڈ بک برائے توسیعی سرگرمیاں

## فیلڈورک 1 اور 2 کے نتائج


ایگریکلچر پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ
قومی زرعی تحقیقاتی مرکز
پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل، اسلام آباد

# مؤلفین

JICA-API/NARC
The Project for Capacity Development of
Agriculture Extension Services in Balochistan Province

- جائیکا پراجیکٹ ٹیم

## ترتیب وتدوین

- محمد انور — پراجیکٹ ڈائریکٹر/ڈائریکٹر (API)
- عامر الیاس حیدر — پراجیکٹ آفس فیسلیٹیٹر

# فہرست


| | |
|---|---|
| 1۔ تعارف | 1 |
| 2۔ کسانوں کے مسائل کی شناخت (فیلڈ ورک 1 کے نتائج) | 4 |
| 2.1 فیلڈ ورک 1 کا انعقاد | 4 |
| 2.2 فیلڈ ورک 1 کے نتائج | 5 |
| 3۔ توسیعی سرگرمی کا نفاذ | 11 |
| 3.1 فیلڈ ورک 2 کا انعقاد | 11 |
| 3.2 فیلڈ ورک 2 کے نتائج | 12 |
| 4۔ کامیاب توسیعی سرگرمی کو بہتر بنانے کے لیے مفید تجاویز | 16 |
| 4.1 توسیعی سرگرمی کی تیاری | 16 |
| 4.2 توسیعی سرگرمی کا انعقاد | 17 |
| 4.3 سرگرمی کا اثر | 18 |
| 5۔ توسیعی سرگرمی کو بہتر بنانے کے لیے مفید تجاویز | 19 |
| 6۔ فیلڈ ورک 2 کی چند اچھی مثالیں | 24 |
| ملحقہ جات (Annexures) | 36 |

## اشکال اور جدول کی تفصیلات


شکل1: پراجیکٹ کے تحت کی جانے والی تربیتی اور توسیعی سرگرمیوں کا ڈھانچہ

شکل2: ایگریکلچر آفیسر اور فیلڈ اسسٹنٹس کی پانچ گروپوں میں تقسیم

شکل3: فیلڈ ورک 1 کے لیے ہر ایک گروپ کی جانب سے منتخب کی گئی فصلات

جدول1: فیلڈ ورک 1 کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات

جدول2: ہر ایک ضلع کے فیلڈ ورک 1 میں نشاندہی کیے گئے مسائل

جدول3: فیلڈ ورک 2 کے انعقاد کے لیے ضروری انتظامات

جدول4: ہر ایک گروپ کی زرعی خوبیاں اور اہم فصلات

جدول5: ہر ایک گروپ کے اہم ترجیحی مسائل اور متوقع توسیعی سرگرمیاں

جدول6: توسیعی سرگرمی کے انعقاد کے لیے کی جانے والی سرگرمیاں

جدول7: منعقدہ توسیعی سرگرمی کا پروگرام


## ملحقہ جات (Annexures)


ہر ایک ضلع کی اہم خوبیاں اور فیلڈ ورک 1 میں نشاندہی کیے گئے اہم مسائل اور قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

# 1

# تعارف

CADAEX-BAL پراجیکٹ کی سب سے اہم خصوصیات میں سے ایک اس کی ٹریننگ اور توسیعی سرگرمیوں کا منفرد ڈھانچہ ہے جیسا کہ "شکل1" میں دیکھا جاسکتا ہے۔ پراجیکٹ کے تحت تربیتی سرگرمیوں کے اہم اہداف ایگریکلچر آفیسرز اور فیلڈ اسسٹنٹ ہیں۔ چونکہ ایگریکلچر افسران کو فیلڈ اسسٹنٹس کی توسیعی سرگرمیوں کی نگرانی اور تعاون فراہم کرنا ہے، اس لیے انہیں فیلڈ اسسٹنٹس کے لیے تکنیکی معاون کے طور پر کام کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ فیلڈ اسسٹنٹس کو جب بھی کسانوں کے ساتھ اپنی توسیعی سرگرمیوں میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے تو زرعی افسران کو قابل اعتماد معاون کے طور پر پیش آنا چاہیے۔ اس طرح زرعی افسران کے لیے تربیتی پروگرام نہ صرف جامع تکنیکی مضامین کا احاطہ کرتا ہے بلکہ فیلڈ اسسٹنٹس کی سرگرمیوں کی نگرانی اور سہولت فراہم کرنے کے لیے مناسب مہارتوں کا بھی احاطہ کرتا ہے۔

قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) میں ٹریننگ کے بعد، ان تربیت یافتہ زرعی افسران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ٹریننگ کے بعد کے فالو اپ کے حصے کے طور پر فیلڈ اسسٹنٹ کی سرگرمیوں پر اپنی نگرانی اور رہنمائی کے بارے میں رپورٹس جمع کرائیں، جن کا جائزہ فیلڈ اسسٹنٹ ٹریننگ کے پورے عمل کے بعد منعقدہ فالو اپ ورکشاپ میں لیا جائے گا۔

فیلڈ اسسٹنٹ فرنٹ لائن توسیعی اہلکار ہیں جو کہ کاشتکاروں کے ساتھ براہ راست رابطے میں رہتے ہیں تا کہ ان کی زرعی پیداوار اور نان نفقہ کو بہتر بنانے کے لیے تکنیکی اور دیگر معاون خدمات فراہم کی جا سکیں۔ کاشتکاروں کے اپنے دائرہ اختیار کے علاقوں میں کاشتکاری کی سرگرمیوں سے متعلق تکنیکی معلومات کے علاوہ فیلڈ اسسٹنٹس کو اپنے کسانوں کی ضروریات کو درست طریقے سے شناخت کرنے کے ساتھ ساتھ کسانوں سے مؤثر طریقے سے بات چیت کرنے کی مہارتوں سے بھی لیس ہونا چاہیے تا کہ وہ درست انداز میں پیغامات پہنچا سکیں۔

فیلڈ اسسٹنٹ ٹریننگ پروگرام دو مختلف سیشن اور فیلڈ ورک پر مشتمل ہے۔ ان تمام سرگرمیوں کا فالو اپ ورکشاپ میں جائزہ لیا جائے گا۔ ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کوئٹہ میں پہلے سیشن میں فیلڈ اسسٹنٹس کو تکنیکی مضامین کے ساتھ ساتھ کسانوں کی سطح پر مسائل کی نشاندہی کے طریقہ کار پر بھی بھرپور ٹریننگ دی جائے گی۔

پھر وہ اپنے دائرہ اختیار میں فیلڈورک1 کے دوران سامنے آنے والے کسانوں کے زرعی مسائل کا پتہ لگائیں گے جن کا حل قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) میں سیشن 2 کے دوران تلاش کیا جائے گا۔

دوسرے سیشن میں مخصوص تکنیکی مضامین پڑھائے جائیں گے جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ان کو حل کیا جائے گا، اس کے ساتھ مخصوص مضامین کے لیے مختص توسیعی طریقہ کار بھی پڑھایا جائے گا۔

دوسرے سیشن کے بعد فیلڈ اسسٹنٹس نے جو کچھ بھی سیکھا ہے اسے مختلف توسیعی سرگرمیوں کے ذریعے کسانوں تک پہنچائیں گے اور ان کے رویوں اور سوالات کے ذریعے ان کی دلچسپی بھی معلوم کرنے کی کوشش کریں گے اور پھر حتمی فالو اپ ورکشاپ میں اس کے نتائج کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔





Fig. 1 Schematic structure of training and extension activities under the Project

یہ کتابچہ فیلڈ اسسٹنٹس کے لیے تیار کیا گیا ہے جس میں فیلڈ ورک 1 کے ذریعے کسانوں کے مسائل اور فیلڈ ورک 2 کے ذریعے ان مسائل کے حل کی فراہمی کے لیے توسیعی سرگرمیوں کے نفاذ کو بیان کیا گیا ہے۔

فیلڈ ورک 1 کے نتائج کی بنیاد پر کسانوں کے شناخت شدہ مسائل کا خلاصہ اور فیلڈ ورک 2 میں کامیاب توسیعی سرگرمی کو نافذ کرنے کے اقدامات کے بارے میں مفید معلومات، بشمول توسیعی سرگرمی کی تیاری، سرگرمی کا مخصوص پروگرام، اور سرگرمی کے اثرات کا جائزہ جیسے عوامل پر تبصرہ کیا گیا ہے۔

کتابچہ مزید مفید تجاویز کی نشاندہی کرتا ہے، جو فیلڈ ورک کے نفاذ سے سیکھے گئے اسباق ہیں۔اس کے علاوہ، کتابچہ فیلڈ ورک 2 میں کی گئی توسیعی سرگرمیوں کی مثالیں بیان کرتا ہے۔

CADAEX-BAL پراجیکٹ پورے بلوچستان پر محیط ہے، جسے ایگرو ایکولوجیکل زونز اور پورے صوبے میں اگائی جانے والی بڑی فصلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پانچ گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے جیسا کہ "شکل 2"میں دکھایا گیا ہے۔ایگریکلچر آفیسر/ فیلڈ اسسٹنٹ کے تربیتی کورسز اور فیلڈ ورک کی سرگرمیوں کا انعقاد پراجیکٹ کے تحت گروپ وار کیا گیا ہے۔





Fig. 2 Distribution of the Five Groups for AO/FA Training under the Project

## ہر گروپ درج ذیل اضلاع پر مشتمل ہے:

- گروپ1: شیرانی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، پشین اور کوئٹہ
- گروپ2: زیارت، موسیٰ خیل، بارکھان، لورالائی، ہرنائی، مستونگ اور قلات
- گروپ3: سبی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، کچھی، نصیر آباد، جعفر آباد اور جھل مگسی
- گروپ4: چاغی، خضدار، نوشکی، خاران اور واشک
- گروپ5: لسبیلہ، آواران، پنجگور، تربت اور گوادر

ہر ضلع کی خصوصیات، فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے اہم مسائل، اور ان سے منسلک قابل فہم توسیعی سرگرمیاں اس گائیڈ بک میں بیان کی گئی ہیں، جو ہر ضلع کی زرعی خصوصیات اور مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے توسیعی سرگرمی کی منصوبہ بندی کے وقت ایک حوالہ کے طور پر کارآمد ثابت ہوں گی۔

# 2

# کسانوں کے مسائل کی شناخت

## فیلڈ ورک 1 کے نتائج

### 2.1 فارم سروے کا انعقاد (فیلڈورک1)

فیلڈ اسسٹنٹ ٹریننگ کے شرکاء کے لیے تفویض کردہ پہلا فیلڈ ورک (فیلڈ ورک1) "فارم سروے" تھا، تاکہ کسانوں کی کاشتکاری کی موجودہ صورتحال اور ان کو درپیش اہم زرعی مسائل کی نشاندہی کی جا سکے۔ فارم سروے فارمیٹ پراجیکٹ کی طرف سے تیار کیا گیا تھا، اور فیلڈ اسسٹنٹ شرکاء نے اپنے سروے کو انجام دینے کے لیے فارمیٹ کا استعمال کیا۔ فارم سروے کرنے کے لیے ضروری انتظامات جدول 1 میں بیان کیے گئے ہیں:

جدول1۔فیلڈ ورک 1 کے طور پر فارم سروے کرنے کے لیے ضروری انتظامات


| نمبرشمار | سرگرمی | سرگرمی کی تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | کسان کا انتخاب | ایک اوسط کسان کا انتخاب کریں جو سروے کرنے والے علاقے کی نمائندگی کر رہا ہو۔ |
| 2 | سروے کی تیاری | منتخب کسان سے رابطہ کریں اور کسان کو انٹرویو کے لیے رضامند کرنے کیلیئے فارم سروے کی وجوہات اور اہمیت سے آگاہ کریں۔ |
| 3 | | کسان سے مشاورت کے ذریعے انٹرویو کی تاریخ، وقت اور مقام کا تعین کریں۔ |
| 4 | | فارم سروے کے شیڈول کے بارے میں متعلقہ ایگریکلچر آفیسر (اور پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈ ایویلیویشن آفیسرز) کو مطلع کریں۔ |

| نمبرشمار | سرگرمی | سرگرمی کی تفصیل |
|---|---|---|
| 5 | سروے کاانعقاد | مسئلہ کی نشاندہی کرنے اور فارمرسروے فارمیٹ میں نتائج مرتب کرنے کے لیے کسان کاانٹرویولیں (زرعی افسران اور/یا پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈایویلیوایشن افسران انٹرویو میں آپ کے ساتھ ہوسکتے ہیں)۔ |
| 6 | نتائج کی رکارڈنگ | انٹرویو کا نتیجہ فارمرسروے فارمیٹ میں ریکارڈ کیا جاتا ہے، جسے پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈایویلیوایشن آفیسرز کو کسی بھی متفقہ تاریخ پر جمع کرنا ہوتا ہے۔ |
| 7 | نتائج کا تجزیہ | فارمرسروے کے نتائج کی بنیاد پر، "مسائل اورحل کا تجزیہ" فارمیٹ کو فیلڈ اسسٹنٹ کے ذریعے پُر کیا جائے گا، تاکہ کسان کے مسئلے کی واضح طور پرنشاندہی کی جاسکے۔اس فارمیٹ میں مسائل کو حل کرنے کے لیے جمع کی جانے والی ضروری معلومات اورسیشن2- کے دوران حاصل کی جانے والی کسان کو حتمی سفارشات بھی شامل ہیں۔ |
| 8 | نتائج کی رپورٹنگ | ایگریکلچر آفیسر اور پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈایویلیوایشن آفیسرز کی جانب سے فیلڈورک کے نتائج/پیش رفت کی رپورٹنگ۔ |


## 2.2۔فیلڈورک 1 کے نتائج

شکل 3 ہرگروپ میں فیلڈورک 1میں منتخب کی گئی فصلات دکھاتا ہے، جو پانچوں گروپوں کے مابین فرق کو واضح طور پر ظاہرکرتا ہے۔مثال کے طور پر، پھلدار درخت واضح طور پر گروپ 1 میں نمایاں ہیں، جیسے انگور، سیب اورخوبانی۔گروپ 2 میں مختلف قسم کی سبزیاں جیسے ٹماٹر، پیاز، لہسن اور گوبھی کے ساتھ ساتھ پھلودار درخت خاص طور پر سیب اہم ہیں۔دوسری طرف گروپ3اور 4 میں اناج اور دیگر فصلات جیسے گندم، چاول اور کپاس، اہم ہیں۔اس کے علاوہ، پیاز بھی خاص طور پر گروپ 4 میں نمایاں ہے۔


فیلڈورک 1 کے اہم نتائج کا خلاصہ جدول 2 میں دیا گیا ہے، جس میں فیلڈورک 1کے ذریعے شناخت کی گئی نمایاں فصلات اور ہرضلع میں فیلڈورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے اہم مسائل کو دکھایا گیا ہے۔مزید تفصیلات منسلکہ ضمیمہ میں بیان کی گئی ہیں:





گروپ1: پھلدار درخت اہم فصلات ہیں





گروپ2: سبزیات اہم فصلات ہیں




گروپ 3: چاول اور کپاس نمایاں فصلات ہیں




گروپ 4: گندم، کپاس اور پیاز اہم فصلات ہیں




گروپ 5: کھجور اور کپاس اہم فصلات ہیں

شکل 3: فیلڈورک کے لیے ہر ایک گروپ کی جانب سے منتخب کی گئی فصلات

جدول 2 دکھایا گیا ہے کہ بہت سے کسان مختلف قسم کی بیماریوں اور/یا کیڑوں کے مسائل کا شکار ہیں۔ کیمیائی سپرے کا استعمال ان مسائل کے حل میں سے ایک ہوگا۔ تاہم، اس طرح کے علامتی علاج کے بجائے، مزید احتیاطی تدابیر بھی مسائل کو حل کرسکتی ہیں، جیسا کہ ثقافتی طریقے جن میں شاخ تراشی، گوڈی اور ساتھی پودے لگانا شامل ہیں، جن سے فصل کے بڑھتے ہوئے ماحول کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ، بہت سے کسانوں نے مسئلہ کے حل کیلئے ان اقدامات کا ذکر کیا ہے جو کہ بہت واضح نہیں ہیں، اس لیے یہ ضروری ہے کہ کسانوں تک ممکنہ حل مزید واضح طور پہنچایا جائے گا۔

| اہم مسئلہ | | سرگرمیوں کی تعداد | منتخب شدہ فصل | ضلع | گروپ |
|---|---|---|---|---|---|
| مسئلہ | قسم | | | | |
| Bark Splitting, Root Rot, dieback, oily liquid | بیماریاں | 3 | سیب | قلعہ سیف اللہ | 1 |
| White grub, shoot borer, flate borer | کیڑے | 7 | سیب | | |
| Marketing, weed | دیگر | 3 | سیب | | |
| Anthracnose, fungal attack, stunted growth, bursting | بیماریاں | 3 | انگور | پشین | |
| Mites | کیڑے | 2 | انگور | | |
| Fungal attack, blight | بیماریاں | 1 | ٹماٹر | | |
| Downy mildew, sper ghwazhai | بیماریاں | 4 | انگور | قلعہ عبداللہ | |
| Aphid | کیڑے | 1 | انگور | | |
| Anthracnose, stem Splitting, oily Liquid | بیماریاں | 2 | سیب | | |
| Top borer, shafta | کیڑے | 2 | خوبانی | کوئٹہ | |
| Black rot | بیماریاں | 1 | انگور | | |
| Phenerogamic plants attack | کیڑے | 1 | | | |
| Dieback, bark split | بیماریاں | 3 | سیب | مستونگ | 2 |
| Aphid | کیڑے | 3 | | | |
| Powdery mildew | بیماریاں | 1 | انگور | | |
| White aphid | کیڑے | 1 | | | |
| Rust | بیماریاں | 2 | گندم | | |
| Insect attack | کیڑے | 1 | | | |
| Locust | کیڑے | 1 | پھول گوبھی | لورالائی | 2 |
| Weed | دیگر | 2 | | | |

| گروپ | ضلع | منتخب شدہ فصل | سرگرمیوں کی تعداد | اہم مسئلہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | قسم | مسئلہ |
| 2 | لورالائی | گندم | 1 | بیماریاں | Rust |
| | | | 1 | کیڑے | Hole in wheat grains |
| | | | 1 | دیگر | Weed |
| | زیارت | سیب | 2 | بیماریاں | Bark Splitting, fire blight |
| | | | 3 | کیڑے | Shot hole borer, mites |
| | | چیری | 1 | بیماریاں | Gummosis / Dryness of cherry stem |
| | قلات | سیب | 2 | بیماریاں | Powdery mildew, pre mature fruit dropping |
| | | ٹماٹر/پیاز | 2 | بیماریاں | Leaf Curling, powdery mildew, root rot |
| | | | 2 | کیڑے | Aphids, thrips |
| | | | 2 | دیگر | (Weed (orobanche |
| 3 | سبی | کپاس | 2 | بیماریاں | Black root rot, bacterial blight |
| | | | 4 | کیڑے | Whitefly, termites |
| | کاچھی | کپاس | 3 | کیڑے | Whitefly, army worm |
| | | دال مونگ | 3 | کیڑے | Whitefly, aphid |
| | جھل مگسی | تل | 3 | کیڑے | Jassid, termites |
| | | پھلیاں | 2 | کیڑے | Aphid |
| | جعفرآباد | چاول | 2 | بیماریاں | Foolish seedling, root rot |
| | | | 7 | کیڑے | Leaf roller, mealy bug, Mohla |
| | نصیرآباد | چاول | 3 | بیماریاں | ,Foolish seedling |
| | | | 5 | کیڑے | Stem borer, leaf roller, mealy bug, bacterial blight |
| 3 | نصیرآباد | کپاس | 2 | کیڑے | Mealy bug, termites |

| اہم مسئلہ | | سرگرمیوں کی تعداد | منتخب شدہ فصل | ضلع | گروپ |
|---|---|---|---|---|---|
| مسئلہ | قسم | | | | |
| Rust | بیماریاں | 4 | گندم | خضدار | 4 |
| Weed, rodents | دیگر | 3 | | | |
| Leaf curl virus, flower shedding | بیماریاں | 4 | کپاس | | |
| Whitefly | کیڑے | 4 | | | |
| Root rot, leaf rust | بیماریاں | 4 | پیاز | | |
| Rust | بیماریاں | 1 | گندم | واشک | |
| Aphid | کیڑے | 2 | | | |
| Weed | دیگر | 1 | | | |
| Root rot | بیماریاں | 2 | پیاز | | |
| Aphid | کیڑے | 1 | گندم | خاران | |
| Weed | دیگر | 1 | | | |
| Root rot | بیماریاں | 1 | کپاس | | |
| – | کیڑے | 1 | | | |
| Necrosis of cotton leaves (nutrient (deficiency | بیماریاں | 1 | کپاس | لسبیلہ | 5 |
| Pink bollwarm, mile bug | کیڑے | 2 | | | |
| Rust | بیماریاں | 2 | گندم | | |
| جڑی بوٹیاں | دیگر | 1 | | | |
| Early blight, downy mildew | بیماریاں | 1 | ٹماٹر | | |
| Red palm weevil, date palm borer | کیڑے | 4 | کھجور | پنجگور | |
| Rodents | دیگر | 2 | | | |

| گروپ | ضلع | منتخب شدہ فصل | سرگرمیوں کی تعداد | اہم مسئلہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | قسم | مسئلہ |
| 5 | پنجگور | کپاس | 4 | کیڑے | Aphid, whitefly |
| | تربت | کھجور | 1 | کیڑے | جوئیں |
| | | | 2 | دیگر | مارکیٹنگ |
| | | لیمن | 3 | کیڑے | Citrus psylla, swallowtail butterfly, leaf miner |
| | | کپاس | 2 | کیڑے | Whitefly, millybug |
| | آواران | گندم | 1 | بیماریاں | Rust |
| | | | 1 | دیگر | جڑی بوٹیاں |
| | | الفلفا | 1 | دیگر | جڑی بوٹیاں |

# 3

# توسیعی سرگرمی کا نفاذ

## فیلڈورک 2 کے نتائج

### 3.1 توسیعی سرگرمی کا انعقاد (فیلڈورک 2)

فیلڈ اسسٹنٹ ٹریننگ کے شرکاء کے لیے تفویض کردہ دوسرا فیلڈ ورک (فیلڈ ورک 2) "توسیع کی سرگرمی کا انعقاد" تھا، تاکہ کسانوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیے علم اور تکنیک فراہم کی جا سکے۔ توسیعی سرگرمی کو نافذ کرنے کے لیے ضروری انتظامات جدول 3 میں بیان کیے گئے ہیں۔

جدول 3۔ فیلڈورک 2 کے طور پر کی جانے والی توسیعی سرگرمی کے انعقاد کیلئے ضروری انتظامات

| نمبر شمار | سرگرمی | سرگرمی کی تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | سرگرمی کی تیاری | توسیعی سرگرمی کیلئے منصوبہ بندی کریں اور حسب ضرورت مواد بھی تیار کریں |
| 2 | توسیعی سرگرمی کیلئے کسانوں کا انتخاب | کچھ کاشتکاروں کو منتخب کریں اور ان سے رابطہ کریں اور مسئلے کے حل کی تکنیک ان تک پہنچانے کیلئے میٹنگ کا اہتمام کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ منتخب کیے گئے کسانوں کا مسئلے سے براہ راست تعلق ہو۔ |
| 3 | وقت اور جگہ کا انتخاب | متعلقہ کسانوں سے مشاورت کے ذریعے توسیعی سرگرمی کی تاریخ، وقت اور مقام کا تعین کریں۔ |
| 4 | متعلقہ ایگریکلچر آفیسر اور پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈ ایویلیوایشن آفیسر سے رابطہ کرنا | متعلقہ ایگریکلچر آفیسر (اور پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈ ایویلیوایشن آفیسر) کو سرگرمیوں کے شیڈول کے بارے میں مطلع کریں۔ |

| نمبر شمار | سرگرمی | سرگرمی کی تفصیل |
|---|---|---|
| 5 | توسیعی سرگرمی کا انعقاد | توسیعی سرگرمی کے منصوبے کے مطابق مسئلے کے تکنیکی حل کو کسانوں تک پہچانے کیلئے ان سے ملاقات کریں۔ |
| 6 | توسیعی سرگرمی کے نتائج کی رپورٹنگ | توسیعی سرگرمی کے ریکارڈ کا رپورٹ پر فارمے میں اندراج کریں اور انہیں پراجیکٹ کے آبزرویشن اینڈ ایویلیوایشن آفیسر کے پاس جمع کروائیں۔ |

## 3.2۔فیلڈ ورک 2 کے نتائج

جدول 4 میں ہر گروپ کی اہم زرعی خصوصیات کا خلاصہ بیان کیا گیا ہے۔اس طرح کی زرعی خصوصیات کو علاقے کی توسیعی حکمت عملی قائم کرنے کے لیے احتیاط سے دیکھا جانا چاہیے، تاکہ توسیعی منصوبہ بند توسیعی کے وقت علاقوں کے اہم مسائل پر توجہ مرکوز کر سکیں۔مثال کے طور پر، جدول اشارہ کرتا ہے کہ پھلوں کے درختوں کی پیداوار گروپ 1 اور 2 دونوں میں غالب ہے۔اس کے علاوہ، گروپ 2 میں پیاز اور ٹماٹر جیسی سبزیاں اہم ہیں۔دوسری طرف، گروپ 3 میں نہری آبپاشی غالب ہے، گندم کی کاشت، چاول اور کپاس اس علاقے میں پھل دار درختوں کی کم پیداوار ہے اور شدید صحرائی حالات کی وجہ سے، گروپ 4 میں فصل کی پیداوار نسبتاً کم ہے، جہاں کپاس اور پیاز اہم فصلیں ہیں۔گروپ 5 میں کھجور اور کپاس نمایاں طور پر اہم ہیں۔مزید تفصیلات منسلکہ ضمیمہ میں بیان کی گئی ہیں۔

**جدول 4۔ہر گروپ کی زرعی خوبیاں اور اہم فصلات**

| گروپ | مشتمل اضلاع | اہم خصوصیات | اہم فصلات |
|---|---|---|---|
| 1 | قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، پشین، کوئٹہ، شیرانی اور ژوب | صوبے کے شمالی حصے میں واقع، زیادہ تر علاقہ پہاڑی ہے، جسے "بالائی زمین 1-" کے طور پر تفویض کیا گیا ہے۔<br>اس گروپ کی خاصیت بڑے رقبے پر پھلوں کی پیداوار ہے، خاص طور پر صوبے میں سیب کی کل پیداوار کا 83٪ اور انگور کی کل پیداوار کا 74٪ حصہ یہاں سے حاصل ہوتا ہے۔ | پھلوں کے درخت جیسے سیب، انگور، خوبانی، چیری، انار۔<br>گندم، آلو، سورج مکھی اور خریف کی سبزیاں۔ |
| 2 | موسیٰ خیل، بارکھان، لورالائی، زیارت، ہرنائی، مستونگ اور قلات | یہ گروپ 1 کا پڑوسی گروپ ہے، جو کہ اس کے جنوب میں واقع، اور اس گروپ 2 کا تعلق بھی بڑے زرعی ماحولیاتی زون بھی "بالائی زمین 1-" سے ہے۔اس علاقے کو ٹیوب ویلوں سے سیراب کیا جاتا ہے۔گروپ 2 کے علاقوں میں پھلدار درخت بھی اہم ہیں، اور سبزیات بھی اس گروپ میں غالب ہیں۔ | پھلوں کے درخت جیسے سیب، بادام، خوبانی، چیری اور انار۔<br>گندم، دالیں، پیاز، اور ٹماٹر۔ |
| 3 | سبی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، کچھی، نصیر آباد۔ جعفر آباد اور جھل مگسی | گروپ 3 صوبے کے مشرقی حصے میں واقع ہے، اور اس کا زرعی ماحولیاتی زون "میدانی" ہے۔صوبے کے تمام سیراب علاقوں میں سے 50٪ سے زیادہ اس گروپ میں موجود ہیں، اور زیادہ تر حصہ نہری سیراب ہے۔ | اناج اور دیگر فصلیں جیسے گندم، چاول، کپاس، پیاز، سورج مکھی، دالیں اور چارہ۔اس علاقے میں پھلوں کے درختوں کی پیداوار بہت کم ہے۔ |

| گروپ | مشتمل اضلاع | اہم خصوصیات | اہم فصلات |
|---|---|---|---|
| 4 | خضدار، نوشکی، خاران، چاغی اور واشک | گروپ 4 صوبے کے مغربی حصے میں واقع ہے اور اسے زرعی ماحولیاتی زونز میں (سوائے خضدار کے) "صحرا" کے طور پر تفویض کیا گیا ہے۔ شدید صحرائی حالات کی وجہ سے دیگر علاقوں کے مقابلے میں فصل کی پیداوار زیادہ فعال نہیں ہے۔ | گندم، کاٹن، پیاز اور کھجور |
| 5 | لسبیلہ، آواران، پنجگور، تربت اور گوادر | گروپ 5 صوبے کے جنوبی حصے میں واقع ہے، اور زیادہ تر اس کا حصہ زرعی ماحولیاتی زونز میں "ساحلی" کے طور پر تفویض کیا گیا ہے۔ صوبے میں کھجور کی کل پیداوار کا تقریباً 90٪ اور کپاس کا 45٪ گروپ 5 کے علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔ | کھجور، گندم، کاٹن، پیاز اور چارہ جات کی فصلات |

مندرجہ بالا خصوصیات اور فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے اہم مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے، کسانوں کے بڑے مسائل کو حل کرنے اور علاقے کی زرعی پیداوار کی حوصلہ افزائی کے لیے قابل فہم توسیعی سرگرمیاں تجویز کی جانی چاہیئں۔ جدول 5 ہر ضلع میں کسانوں کی مدد کے لیے اہم ترجیحی مسائل اور متوقع توسیعی سرگرمیاں دکھاتا ہے۔ یہ عام توسیعی سرگرمیوں کی کچھ مثالیں ہیں، اور مزید تفصیلات ضمیمہ میں بیان کی گئی ہیں۔

## جدول 5۔ ہر گروپ میں اہم مسائل اور متوقع توسیعی سرگرمیاں

| گروپ | ضلع | ترجیحی مسائل | منتخب شدہ فصلات | متوقع توسیعی سرگرمیوں کے مظامین |
|---|---|---|---|---|
| 1 | قلعہ سیف اللہ | سیب اور خوبانی اس ضلع کی اہم پیداوار ہیں | سیب | ◈ چھال کو پھٹنے سے بچانا<br>◈ کیڑے مکوڑوں کا تدارک |
| | پشین | صوبے میں انگور کی کل پیداوار کا 57٪ حصہ اس ضلع سے حاصل کیا جاتا ہے | انگور | ◈ پھپھوندی کا حملہ عام ہے<br>◈ کیڑے مکوڑوں کا تدارک (تیلا اور جوئیں) |
| | قلعہ عبداللہ | سیب اور انگور نمایاں فصلات ہیں | سیب<br>انگور | ◈ چھال کو پھٹنے سے بچانا<br>◈ بیماریوں کا تدارک (downy mildew) |
| | کوئٹہ | سیب، خوبانی اور انگور نمایاں فصلات ہیں | سیب/انگور | ◈ بیماریوں کا تدارک (پھپھوندی کا حملہ) |

| گروپ | ضلع | ترجیحی مسائل | منتخب شدہ فصلات | متوقع توسیعی سرگرمیوں کے مظامین |
|---|---|---|---|---|
| 2 | مستونگ | پھلدار درخت جیسے کہ سیب، خوبانی اور انگور نمایاں ہیں | سیب<br>انگور | ◈ Dieback, bark splitting, aphid<br>◈ Powdery mildew, whitefly |
| | لورالائی | پھلدار درختوں کے ساتھ ساتھ گندم اور سبزیات بھی نمایاں فصلات ہیں۔ | بادام<br>گندم | ◈ Drying of tree branches<br>◈ Control of rust |
| | زیارت | یہ علاقہ چیری اور سیب جیسے پھلوں کی پیداوار کیلئے مشہور ہے۔ | سیب<br>چیری | ◈ Bark splitting, shot hole borer<br>◈ Gummosis / Dryness of cherry stem |
| | قلات | سبزیات (ٹماٹر اور پیاز) کے ساتھ ساتھ سیب بھی یہاں کی اہم فصلات میں شامل ہیں۔ | ٹماٹر<br>پیاز | ◈ Weed control ((Orobanche<br>◈ Root rot |
| 3 | سبی | یہ علاقہ کاٹن کی پیداوار کیلئے مشہور ہے۔ | کپاس | ◈ Disease (root rot, bacterial (blight<br>◈ (Pest (whitefly, termites |
| | کاچھی | کاٹن اس ضلع کی بھی اہم فصل ہے | کپاس | ◈ Pest (whitefly, army (worm |
| | جھل مگسی | یہاں نہری آبپاشی کا نظام موجود ہے، گندم اور دیگر فصلات (تل اور پھلیاں) بھی لگائی جاتی ہیں۔ | تل<br>پھلیاں | ◈ Pest (whitefly, termites, (Jassid<br>◈ (Pest (aphid |
| | جعفر آباد | اس ضلع میں طویل نہری آبپاشی نظام کے ساتھ بڑے پیمانے پر چاول کی پیداوار حاصل کی جاتی ہے۔ | چاول | ◈ (Disease (foolish seedling<br>◈ Pest (leaf roller, mealy (bug |
| 3 | نصیر آباد | جعفر آباد کی طرح یہاں بھی نہری آبپاشی سے چاول کی بڑی پیداوار حاصل کی جاتی اور کاٹن بھی یہاں کی اہم فصل ہے۔ | چاول<br>کپاس | ◈ (Disease (foolish seedling<br>◈ Pest (stem borer, leaf (roller, mealy bug<br>◈ (Pest (termites |

| گروپ | ضلع | ترجیحی مسائل | منتخب شدہ فصلات | متوقع توسیعی سرگرمیوں کے مظامین |
|---|---|---|---|---|
| 4 | خضدار | یہاں گندم، کاٹن اور پیاز کاشت کی کاشت کی جاتی ہے اور آبپاشی کیلئے بڑے پیمانے پر کنواں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ | گندم<br>کپاس<br>پیاز | ◈ Control of rust<br>◈ Leaf curl, whitefly<br>◈ Root rot |
| | واشک | خضدار کی طرح اس ضلع کی بھی اہم فصلات گندم، کاٹن اور پیاز ہیں۔ | گندم<br>پیاز | ◈ Rust, aphid, weed control<br>◈ Root rot |
| | خاران | اہم فصلات اس ضلع کی بھی باقی اضلاع کی طرح ہی ہیں مگر یہاں تمام فصلات چھوٹے پیمانے پر کاشت کی جاتی ہیں۔ | گندم<br>کپاس | ◈ Aphid, weed control<br>◈ Root rot, aphid |
| 5 | لسبیلہ | یہ ضلع کپاس کی پیداوار کے لیے مشہور ہے۔ پیاز بھی ضلع کی اہم فصل ہے۔ | کپاس<br>گندم<br>پیاز | ◈ Pink bollwarm, mile bug<br>◈ Control of rust<br>◈ Root rot |
| | پنجگور | کھجور ضلع کی ایک مشہور فصل ہے، اور کاٹن بھی اہم فصلات میں سے ایک ہے۔ | کھجور<br>کپاس | ◈ Red palm weevil, date palm borer<br>◈ Aphid, whitefly |
| | تربت | پورے صوبے میں سب سے بڑا کھجور پیدا کرنے والا ضلع اور کاٹن بھی یہاں کی اہم فصلات میں شامل ہے۔ | کھجور<br>کپاس | ◈ Mites, marketing issues<br>◈ Whitefly, millybug |
| | آواران | پیاز، کپاس اور گندم ضلع کی اہم فصلات ہیں۔ | پیاز<br>گندم | ◈ Root rot<br>◈ Control of rust, weed |

# 4

# کامیاب توسیعی سرگرمی کو نافذ کرنے کے اقدامات

توسیعی سرگرمی کے کامیاب نفاذ کے لیے، فیلڈ ورک 2 کی منعقدہ سرگرمیوں کے ذریعے اہم نکات تجویز کیے گئے۔توسیعی سرگرمیوں کے کامیاب نفاذ کے لیے درج ذیل نکات پر غور کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

## 4.1۔توسیعی سرگرمی کی تیاری

توسیعی سرگرمی کی تیاری کا کام درج ذیل پر مشتمل ہو گا۔سب سے پہلے، کسانوں کے مسائل اور پیش کیے جانے والے ممکنہ حل کو مدنظر رکھتے ہوئے سرگرمی کیلئے کسانوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ پھر، ان کسانوں کی مشاورت سے سرگرمی کی مناسب تاریخ اور وقت کا انتخاب کیا جائے گا۔توسیعی سرگرمی کے موضوع اور مواد کے مطابق، توسیعی مواد تیار کیا جائے گا۔مواد میں پوسٹر، چارٹ، بروشر اور تصاویر شامل ہو سکتی ہیں۔ یہ موضوع پر منحصر ہے، کچھ ضروری آلات یا اوزار بھی ضروری توسیعی مواد کے طور پر استعمال ہو سکتے ہیں، جیسے کیمیکل، سپرے مشین، یا کٹائی کی کٹس۔ٹرانسپورٹ کا بندوبست ضروری ہو سکتا ہے۔موثر توسیعی سرگرمی کو انجام دینے کے لیے زراعت افسر کی معاونت مفید ہو گی، اس لیے اگر ممکن ہو تو زراعت افسر سے رابطہ کرنا ضروری ہے۔جدول 4 کامیاب توسیعی سرگرمی کے لیے تیاری کے طور پر کی جانے والی ضروری سرگرمیوں کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔جدول ہر تیاری کے کام کی آخری تاریخ کی بھی نشاندہی کرتا ہے، تاکہ ضروری انتظامات کو منصوبہ بندی کے مطابق مناسب طریقے سے انجام دیا جائے۔

جدول6۔توسیعی سرگرمی کی تیاری کے طور پر کی جانے والی سرگرمیاں

| نمبرشمار | تیاری کی سرگرمیاں | تیاری کی حتمی تاریخ | ضروری مواد و وسائل |
|---|---|---|---|
| 1 | کسان سے رابطہ | 5 سے 7 دن پہلے | فون کال کے ذریعے |

| نمبرشمار | تیاری کی سرگرمیاں | تیاری کی حتمی تاریخ | ضروری مواد و وسائل |
|---|---|---|---|
| 2 | دن اور جگہ کا انتخاب | 5 سے 7دن پہلے | کسانوں کی مشاورت سے |
| 3 | توسیعی مواد کا بندوبست | 3دن پہلے | پوسٹر، چارٹ، بروشرز اور دیگر معاون مواد جیسکہ کیمیکل، آلات وغیرہ |
| 4 | ٹرانسپورٹ کا بندوبست | دو دن پہلے | موٹرسائیکل/گاڑی |
| 5 | ایگریکلچر افسر سے رابطہ | دو دن پہلے | فون کال کے ذریعے |

(نوٹ1) توسیعی سرگرمی کے موضوع کے مطابق ضروری مواد مختلف ہو سکتا ہے۔

## 4.2۔سرگرمی کا نفاذ

سرگرمی کے آغاز میں کسانوں کو دورے کا مقصد بتایا جاتا ہے،اس کے بعد کاشتکاروں کا پری ٹیسٹ لیا جاتا ہے تاکہ سرگرمی کرنے سے پہلے سرگرمی کے عنوان کے بارے میں ان کی تفہیم کو معلوم کیا جا سکے۔ پھر، لیکچر اور پریکٹس اسی عنوان کے مطابق ہوتی ہے۔ کچھ معاون مواد جیسے پوسٹر، چارٹ اور بروشر کا استعمال کسانوں کو فراہم کردہ معلومات کو دلچسپ اور سمجھنے کی ترغیب دینے کے لیے مفید ہے۔عملی مظاہرہ کسانوں کو اچھی طرح سمجھانے اور فراہم کردہ تکنیک کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کے لیے بھی موثر ہے۔ لہذا، اگر قابل اطلاق ہو تو، سیشن کے دوران عملی مظاہرہ کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔اس کے علاوہ،اگر کسانوں کو سیشن کے دوران ذاتی طور پر مشق کرنے کا موقع ملے تو یہ کسانوں کے لیے بہت متاثر کن ہے۔سیشن کے اختتام پر، کسانوں کے سوالات کے جوابات دیئے جاتے ہیں،اس کے بعد پوسٹ ٹیسٹ کے ذریعے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ سیشن کے ذریعے کسانوں نے اپنے علم میں کتنا اضافہ کیا۔مندرجہ ذیل جدول نفاذ کے دن توسیعی سرگرمی کا ایک مثالی پروگرام دکھاتا ہے:

جدول 7۔توسیعی سرگرمی کا مخصوص پروگرام

| وقت | موضوع | طریقہ کار |
|---|---|---|
| 10:05 – 10:00 | تلاوت اور تعارف | شرکاء میں سے ایک کسان تلاوت کرے گا |
| 10:20 – 10:05 | دورے کا مقصد | فیلڈ اسسٹنٹ اس خاص دورے کا مقصد بیان کرے گا |
| 10:30 – 10:20 | پری ٹیسٹ | فیلڈ اسسٹنٹ اس خاص سرگرمی کے عنوان کے بارے میں شرکاء سے سوال کرے گا |
| 10:50 – 10:30 | لیکچر | فیلڈ اسسٹنٹ توسیعی مواد (چارٹس، بروشر) کی مدد سے کسانوں کو عنوان کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا |
| 11:10 – 10:50 | عملی مظاہرہ | فیلڈ اسسٹنٹ کسانوں کو عملی طور پر دکھائے گا کہ کیمیکل کیسے استعمال کیا جائے اور شاخ تراشی کیسے کی جائے۔ |
| 11:30 – 11:10 | سوالات جوابات | سرگرمی میں شریک کسان بتائی تکنیک کے بارے میں سوالات کریں گے اور فیلڈ اسسٹنٹ ان کے جوابات دیں گے |

| وقت | موضوع | طریقہ کار |
| --- | --- | --- |
| 11:30 – 11:50 | کسانوں کی جانب سے مشق | سرگرمی میں شریک کسان فیلڈ اسسٹنٹ کی جانب سے بتائی تکنیک کو عملی طور پر خود کرنے کی کوشش کریں گے |
| 11:50 – 12:00 | پوسٹ ٹیسٹ | سیشن کے اختتام پر فیلڈ اسسٹنٹ کسانوں سے سمجھائی گئی تکنیک کے بارے میں پوسٹ ٹیسٹ کے طور پر دوبارہ وہی سوالات کریں گے جن کے جوابات سے یہ پتا لگے گا کسانوں کو بتائی تکنیک کس حد تک سمجھ آئی ہے |
| 12:00 – 12:10 | اختتام | اختتامی سرگرمی |

نوٹ 2) عملی مظاہرے کے مشمولات توسیعی سرگرمی کے موضوع کے مطابق مختلف ہو سکتے ہیں۔

## 4.3۔سرگرمی کا اثر

سرگرمی کو نافذ کرنے کے بعد، اس کے اثرات کا کئی طریقوں سے جائزہ لیا جائے گا۔سب سے پہلے، نفاذ کے دن سرگرمی کے اختتام پر، فیلڈ اسسٹنٹ شرکت کرنے والے کسانوں سے ان کی آراء پوچھے گا، جیسے کہ کیا وہ فیلڈ اسسٹنٹ کی جانب سے سیشن میں سکھائی گئی چیزوں پر عملدرآمد کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔اور، فیلڈ اسسٹنٹ دلچسپی رکھنے والے کسانوں سے مزید پوچھے گا کہ سیشن میں شریک کسانوں میں سے تقریباً کتنے کسان اس خاص علم/تکنیک پر عملدرآمد کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ پھر، فیلڈ اسسٹنٹ ان کسانوں سے وجوہات دریافت کرے گا جو اس خاص تکنیک پر عملدرآمد میں دلچسپی نہیں رکھتے ۔اس پوچھ گچھ سے سرگرمی کے فوراً بعد بتائی تکنیک کے "براہ راست اثر کا اندازہ" ہو جائے گا۔

اس کے علاوہ، توسیعی سرگرمی کے فالو اپ کے طور پر، فیلڈ اسسٹنٹ کئی ہفتوں اور/یا سرگرمی کے کئی مہینوں کے بعد دوبارہ ان کسانوں سے ملاقات کرے گا۔اس فالو اپ وزٹ کے دوران، فیلڈ اسسٹنٹ کسانوں کا مشاہدہ کرے گا کہ آیا وہ اس علم/تکنیک کو اپناتے ہیں جو انہیں توسیعی سرگرمی کے ذریعے فراہم کی گئی تھی ۔فیلڈ اسسٹنٹ کاشتکاروں کے ساتھ فراہم کردہ علم/تکنیک کے بارے میں ان کی رائے کے ساتھ ساتھ اٹھائے جانے والے فوائد اور چیلنجوں کے بارے میں بھی بات چیت کرے گا۔فالو اپ وزٹ کے نتائج کو فالو اپ رپورٹ کے طور پر ریکارڈ کیا جائے گا جسے مستقبل کی توسیعی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جائے گا۔فالو اپ دورہ کسانوں کے رویے میں تبدیلی اور متعلقہ توسیعی سرگرمی کے اثرات کو جاننے کے لیے کافی مؤثر ثابت ہو گا۔

# 5

# توسیعی سرگرمی کو بہتر بنانے کے لیے مفید تجاویز

آبزرویشن اینڈ ایویلیوایشن افسران کے ذریعہ تیار کردہ فیلڈورک 2 کی مشاہداتی رپورٹس کا مطالعہ کرتے ہوئے، درج ذیل تجاویز کی نشاندہی کی گئی، جو توسیعی سرگرمی کو زیادہ کامیابی اور نتیجہ خیز طریقے سے انجام دینے کے لیے مفید ثابت ہوں گی۔

- **سرگرمی کا عنوان اس فصل کے متعلق ہو جو فصل فیلڈ میں موجود ہو۔**

مثال

- فیلڈ اسسٹنٹ نے کسانوں کو ٹماٹر کے جڑی بوٹیوں پر قابو پانے کے بارے میں بتایا (اکتوبر میں)، لیکن وہ اکثر یہ سوال اٹھاتے تھے کہ ٹماٹر کا سیزن گزر چکا ہے، کیا آپ آنے والی فصل (یعنی گندم) کے بارے میں تفصیل سے بتائیں گے؟

مشورہ

- علاقے کی فصل کیلنڈر پر غور کرتے ہوئے مناسب ہدف کی فصل کا انتخاب کریں۔

- **کسان اگر مصروف ہوں تو ان کے ساتھ توسیعی سرگرمی نہ کریں۔**

مثال

- ا) جب فیلڈ اسسٹنٹ منتخب کھیت میں وقت پر پہنچا تو کسان پیاز کی کٹائی میں مصروف تھے۔ چنانچہ فیلڈ اسسٹنٹ کو انتظار کرنا پڑا۔

- ب) کسان بہت مصروف تھے کیونکہ وہ اپنے لہسن کی بوائی کر رہے تھے، اس لیے ان میں سے کچھ فیلڈ اسسٹنٹ کی توسیعی سرگرمی میں شرکت نہیں کرنا چاہتے تھے۔

مشورہ

- سرگرمی کیلئے منتخب کیے گئے کسانوں سے ملنے کے لیے مناسب وقت کا انتخاب کریں تاکہ ان کی کاشتکاری سرگرمیوں میں خلل نہ پڑے۔

## کسانوں کے لیے کچھ مفید اور نئی معلومات لائیں۔

مثال

- ا) فیلڈ اسسٹنٹ نے سیب کی چھال پھٹنے کے کنٹرول کے بارے میں وضاحت کی، لیکن ہدف کاشتکار مطمئن نہیں تھا کیونکہ وہ اس تکنیک کو پہلے بھی استعمال کر چکا تھا۔
- ب) کسان فیلڈ اسسٹنٹ کی معلومات سے مطمئن نہیں تھے۔ اس نے ذکر کیا کہ وہ یہ طریقہ پہلے سے جانتے ہیں، اور انہوں نے اپنے مسئلے کے حل کے لیے کوئی اچھا کیمیکل تجویز کرنے کو کہا۔

مشورہ

- توسیعی سرگرمی کرنے سے پہلے کسانوں کے طریقوں اور تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے کسانوں کے لیے بہترین حل کا تعین کریں۔

## ایک ہی دن میں کوئی دوسری سرگرمی آپ کے توسیعی سرگرمی کے منصوبے میں خلل ڈال سکتی ہے۔

مثال

- ا) اسی دن ایک اور سرگرمی کی منصوبہ بندی کی گئی تھی، لہٰذا سرگرمی میں 3 گھنٹے کی تاخیر ہوئی۔
- ب) پہلے سے ہی ایک این جی او گروپ کی سرگرمی جاری تھی، جس نے منصوبہ بندی، ٹائم مینجمنٹ اور سرگرمی کو مکمل طور پر درہم برہم کر دیا۔

مشورہ

- توسیع کی سرگرمی کو کسی دوسری سرگرمی کے ساتھ ضم نہیں کیا جانا چاہیے جس کا تعلق توسیعی سرگرمی کے موضوع سے نہ ہو۔

## عملی سرگرمی کرنا

مثال

- ا) یہ ایک اچھی سرگرمی تھی، لیکن یہ اور بھی بہتر ہوتا اگر فیلڈ اسسٹنٹ اس کی عملی طور پر وضاحت کرتے۔
- ب) فیلڈ اسسٹنٹس کے لیکچر کے اختتام پر، اس نے کسان کو سمجھانے کے لیے عملی کام کرنے پر مجبور کیا۔

مشورہ

- کسانوں کو بہتر طور پر سمجھانے کے لیے لیکچر اور پریکٹس دونوں ضروری ہیں۔ مزید، اگر کسان توسیعی سرگرمی کے سیشن کے دوران خود اسے آزمائیں، تو یہ متعارف کرائی گئی ٹیکنالوجی کو سمجھنے اور اسے اپنانے کے لیے زیادہ موثر ہوگا۔

## سرگرمی کی تیاری/معاون مواد کا استعمال

مثال

- شرکاء سرگرمی کے دوران زیادہ دلچسپی نہیں لے رہے تھے کیونکہ لیکچر اچھی طرح سے تیار نہیں کیا گیا تھا اور فیلڈ اسسٹنٹ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات ان کے سوالات کو پورا کرنے کے لیے کافی نہیں تھیں۔
- تکنیکی معلومات کی ترسیل کے لیے کوئی معاون مواد استعمال نہیں کیا گیا۔ تمام معلومات زبانی طور پر پہنچائی گئی۔

مشورہ

- فیلڈ اسسٹنٹ کو سرگرمی سے پہلے اچھی طرح سے تیار ہونا چاہیے اور اس کے پاس موضوع کے بارے میں تفصیلی معلومات ہونی چاہیے۔
- پوسٹر، چارٹ اور بروشر جیسے معاون مواد کا استعمال کسانوں کو بہتر طریقے سے سمجھانے میں مؤثر ثابت ہوگا۔

## ٹائم مینجمنٹ / اچھا ماحول بنانا۔

مثال

- ا) فیلڈ اسسٹنٹ نے بہت بے تکلفی کا ماحول بنایا کہ کسانوں نے غیر متعلقہ سوالات پوچھنے میں کافی وقت ضائع کیا۔
- ب) فیلڈ اسسٹنٹ نے اپنے موضوع پر توجہ مرکوز کی اور وقت کا بہت اچھے طریقے سے انتظام کیا، اس نے غیر متعلقہ گپ شپ میں کوئی وقت ضائع نہیں کیا۔

مشورہ

- فیلڈ سٹاف کو سرگرمی کے دوران تکلیف سے بچنے کے لیے ایسا نامناسب ماحول پیدا نہیں کرنا چاہیے۔سرگرمی کو مزید موثر اور پرکشش بنانے کے لیے ٹائم مینجمنٹ بھی ضروری ہے۔

### فیلڈ اسسٹنٹ اور ایگریکلچر آفیسر کا تعاون توسیعی سرگرمیوں کو مزید کامیاب بنائے گا۔

مثال

- ا) ایگریکلچر آفیسر کی غیر موجودگی نے فیلڈ اسسٹنٹ کی مجموعی کارکردگی کو متاثر کیا۔
- ب) فیلڈ اسسٹنٹ کے پاس فائر بلائٹ (بیماری) کے بارے میں مزید معلومات نہیں تھیں،اس لیے وقتاً فوقتاً اس کو ایگریکلچر آفیسر نے اس موضوع پر شرکاء کی بہتر تفہیم کے لیے تعاون کیا۔
- پ) مقررہ وقت پر ایگریکلچر آفیسر کی عدم دستیابی کی وجہ سے سیشن میں تاخیر ہوئی اور شام کو منعقد ہوا۔

مشورہ

- فیلڈ اسسٹنٹ کے ساتھ ایگریکلچر آفیسر کی موجودگی ضروری ہے کیونکہ ایگریکلچر آفیسر تکنیکی طور پر فیلڈ اسسٹنٹ کی مدد کر سکتا ہے۔
- بنیادی مسائل اور ان کا حل تلاش کرنے کے لیے فارمر-فیلڈ اسسٹنٹ-ایگریکلچر آفیسر کا قریبی رابطہ ضروری ہے۔

### کسانوں کا مطالبہ ہے کہ فیلڈ اسسٹنٹ/زراعت افسر زیادہ سے زیادہ فیلڈ وزٹ کریں۔

مثال

- ا) تمام شرکاء فیلڈ اسسٹنٹ کی فراہم کردہ معلومات سے مطمئن تھے، لیکن وہ اپنے مسائل کو بروقت حل کرنے کے لیے فیلڈ اسسٹنٹ/زراعت افسر کے باقاعدہ دورے کرنے کا مطالبہ کر رہے تھے۔
- ب) کاشتکاروں نے کہا کہ یہ پہلی بار ہے کہ انہوں نے محکمہ زراعت کے کسی نمائندے کو دیکھا ہے جو ان سے رابطہ کر کے مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔
- ج) جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی سے پہلے محکمہ زراعت کے کسی نمائندے نے ان سے رابطہ نہیں کیا اور نہ ہی انہوں نے کاشتکار برادری کو کوئی فائدہ پہنچایا۔

مشورہ

- کسان مفید معلومات کے ساتھ فیلڈ اسسٹنٹ/زرعی افسر کے مزید دورے اور خدمات کے منتظر ہیں۔
- ایگریکلچر آفیسر اور فیلڈ اسسٹنٹ کے باقاعدگی سے فیلڈ وزٹ کسان اور محکمہ کے درمیان ایک مضبوط رشتہ قائم کر سکتے ہیں۔

# 6

# فیلڈورک 2 کی چند اچھی مثالیں

## (1)۔انگور میں فنگس کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| انگور | فنگس کا تدارک | فیلڈ ڈے/اجتمائی رابطہ | 7 کسان | کوئٹہ |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

جیسا کہ پہلے اس کا معائنہ کیا گیا تھا، انگور پر پھپھوندی کا شدید حملہ دیکھا گیا تھا۔اس کا حل کسان تک پہنچانا لازمی تھااس مقصد کے لیے سرگرمیاں انجام دی گئیں۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے بورڈو مکسچر تیار کیا اور انگور پر پھپھوندی کی بیماری کے کنٹرول کے لیے عملی طور پر مظاہرہ کیا۔ اس نے بیماری کے بارے میں وضاحت کرنے کے لیے وضاحتی مواد جیسے فلپ چارٹس، پوسٹر، اور چھوٹے چارٹ وغیرہ کا استعمال کیا۔ فیلڈ اسسٹنٹ نے موضوع کے بارے میں کسان کی سمجھ کو جانچنے کے لیے سوالات بھی پوچھے۔

### کسانوں کا ردعمل

تمام کسان مطمئن تھے۔ وہ فیلڈ اسسٹنٹ سے پوچھ رہے تھے کہ وہ کثرت سے تشریف لائیں۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ اس تکنیک کو دوسرے کسانوں تک پہنچائیں گے اور وہ ہماری خدمت اور دورے کے لیے بہت مشکور ہیں۔

### خصوصی ریمارکس

- یہ سرگرمی فیلڈ ورک 1 کے نتیجے کی بنیاد پر تیار کی گئی تھی، جس کا کسان کے مسئلے سے گہرا تعلق ہے۔

## (2) سیب کی مرجھائی ہوئی شاخوں کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| سیب | مرجھائی ہوئی شاخوں کا کیمیائی تدارک | فیلڈ ڈے | 9 کسان | قلعہ عبداللہ |

### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

کسان مذکورہ بیماری کے کنٹرول کے بارے میں لاعلم تھے۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے کسانوں کے مسائل کا حل فراہم کیا۔ اس کے بعد انہوں نے سوال و جواب کے سیشن کے لیے وقت نکالا جس میں انہوں نے کسانوں کے سوالوں کا شائستگی سے جواب دیا۔ سوال جواب کے سیشن کے بعد فیلڈ اسسٹنٹ نے کسانوں سے سوالات پوچھ کر سرگرمی کی پیش رفت کا جائزہ لیا کہ اس نے کسانوں کو کیا سکھایا۔ انہوں نے کوئی عملی مظاہرہ نہیں کیا لیکن پھر بھی کسانوں کو مطمئن کیا۔

### کسانوں کا ردعمل

شرکاء نے سرگرمی میں کافی دلچسپی لی اور اپنی فعال شرکت کا مظاہرہ کیا کیونکہ یہ مسئلہ ان کے لیے انتہائی تشویش

کا باعث تھا۔ وہ فیلڈ اسسٹنٹ کو بڑی دلچسپی اور توجہ سے سن رہے تھے۔ اس سرگرمی میں شریک کسان بہت مددگار اور مہمان نواز بھی تھے۔ انہوں نے اس سرگرمی کے انتظامات میں فیلڈ اسسٹنٹ کے ساتھ تعاون کیا۔

### خصوصی ریمارکس

- کسانوں نے شکایت کی کہ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ وہ محکمہ زراعت کے کسی نمائندے سے ملے ہیں جس نے انہیں کاشتکاری کے بارے میں مفید معلومات فراہم کیں۔

## (3) شاخ تراشی کا طریقہ کار اور مارکیٹنگ

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| سیب اور خوبانی | شاخ تراشی کا طریقہ کار اور مارکیٹنگ | فیلڈ ڈے یا گروپ | 7 کسان | قلعہ عبداللہ |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

کسان کا سب سے بڑا مسئلہ مارکیٹنگ کی کمی اور شاخ تراشی کے بارے میں مناسب معلومات کی کمی تھی۔ ان خدشات کے بارے میں کسان کی آگاہی اور مہارتوں میں اضافے کے لیے یہ سرگرمی منعقد کی گئی۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے مارکیٹنگ کے طریقہ کار اور حکمت عملی کی وضاحت کی اس کے ساتھ عملی طور پر چارٹ اور پوسٹر کے ذریعے شاخ تراشی کے جدید سائنسی طریقے کو ظاہر کیا۔ ساتھ ہی ساتھ کسانوں کی جانب سے مختلف سوالات کیے گئے۔

### کسانوں کا ردعمل

فیلڈ اسسٹنٹ انتہائی محنتی، باصلاحیت اور اپنے کام سے مخلص تھا۔ تمام کسان مطمئن تھے اور فیلڈ اسسٹنٹ سے درخواست کر رہے تھے کہ وہ فیلڈ وزٹ کثرت سے کیا کریں۔

### خصوصی ریمارکس

- مناسب مارکیٹنگ نہ ہونے کی وجہ سے ہر سال کسان کو بھاری نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

## (4) ڈاؤنی ملڈیو کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| انگور | ڈاؤنی ملڈیوں کا کیمیائی تدارک | فیلڈ ڈے | 7 کسان | قلعہ عبداللہ |

### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

انگور کے باغات میں ڈاؤنی میلڈیو کو کنٹرول کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ سب سے زیادہ تباہ کن ہے اور کسانوں کی آمدنی کو بڑا نقصان پہنچاتی ہے۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے انگور میں ڈاؤنی میلڈیو پر قابو پانے کے بارے میں متعلقہ کسانوں تک علم پہنچایا۔ انہوں نے کیمیکل کی مناسب مقدار اور استعمال کے مناسب وقت کے بارے میں کسانوں کی رہنمائی کی اور کھادوں کے استعمال کے بارے میں بھی کسانوں کی رہنمائی کی۔

### کسانوں کا ردعمل

کسانوں کا ردعمل اطمینان بخش تھا۔ انہوں نے بڑی دلچسپی کے ساتھ سرگرمی میں حصہ لیا۔ انہوں نے فیلڈ اسسٹنٹ سے مفید معلومات اکٹھی کرنے کی اچھی کوشش کی اور ہمیں اپنے معمول کے کام میں فیلڈ اسسٹنٹ کی جانب سے بتائی گئی معلومات کو اپنانے کی یقین دہانی کرائی۔ فیلڈ اسسٹنٹ نے معلومات کی فراہمی کے لیے ایک چارٹ استعمال کیا۔

### خصوصی ریمارکس

- وہ اپنی سرگرمی کے لیے اچھی طرح تیار تھا۔
- فیلڈ اسسٹنٹ کی کارکردگی شاندار تھی، وہ اپنے شعبے میں متنوع علم رکھتا تھا، بہت سی مفید معلومات فراہم کی۔

## (5) سیب کے درختوں کی چھال کا پھٹنا

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| سیب | چھال کے پھٹنے کا تدارک | فیلڈ ڈے یا گروپ | 5 کسان | مستونگ |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

باغ کے تمام درختوں کے تنوں کی چھال پھٹی ہوئی تھی جس کا مناسب حل کاشتکار تک پہنچانے کے پیش نظر یہ سرگرمی کی گئی۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے گھر میں اپنے ہاتھ سے بنائے گئے چارٹس اور پوسٹرز کی مدد سے سیب میں چھال کے پھٹنے کے مسئلے کی وضاحت کی۔ چھال کے پھٹنے کے اس مسئلے کا مناسب حل بورڈو مکسچر تھا۔ اپنے لیکچر کے دوران کسانوں کی طرف سے فیلڈ اسسٹنٹ سے مختلف سوالات بھی پوچھے گئے تاکہ وہ مزید دلچسپی سے بتائی جانے والی تکنیک سمجھ سکیں۔ اپنے لیکچر کے اختتام پر فیلڈ اسسٹنٹ نے سرگرمی میں شریک ایک کسان کو سامنے مدعو کیا اور اس سے کہا کہ وہ دوسرے کسانوں کو بتائے کہ اس نے اس سرگرمی میں کیا سیکھا ہے۔

### کسانوں کا ردعمل

کسان اس فیلڈ اسسٹنٹ کو غور سے سن رہے تھے اور بہت دلچسپی سے اسے دیکھ بھی رہے تھے۔ انہوں نے مختلف سوالات کیے اور جوابات ملنے کے بعد مطمئن نظر آئے۔ سرگرمی میں شریک کسانوں نے اس تکنیک کو اپنے ساتھیوں تک پہنچانے کی یقین دہانی بھی کرائی۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ بہت محنتی اور باصلاحیت تھا۔ وہ اپنے فیلڈورک 2 کے لیے تیار تھا۔ ان کا ٹائم مینجمنٹ قابل تعریف تھا۔ اسے اپنے موضوع پر مکمل عبور حاصل تھا۔

## (6) فنجیسائیڈ کے ذریعے پاؤڈری ملڈیو کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| انگور | فنجیسائیڈ کے ذریعے پاؤڈری ملڈیو کا تدارک | فیلڈ ڈے | 8 کسان | مستونگ |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

باغ میں تمام انگوروں پر پاؤڈری ملڈیو کا حملہ ہوا تھا جس کا مناسب حل کاشتکار تک پہنچایا جانا ضروری تھا جس کے لیے یہ سرگرمی منعقد کی گئی۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے انگور میں پاؤڈری ملڈیو کے مسئلے کی وضاحت کی۔ پاؤڈری ملڈیو کے لیے موزوں حل فنجیسائیڈ کا استعمال تھا۔ اپنے لیکچر کے دوران فیلڈ اسسٹنٹ نے کسانوں سے مختلف سوالات پوچھے جس نے کسانوں کیلئے سرگرمی کو مزید دلچسپ بنایا۔

### کسانوں کا ردعمل

فیلڈ اسسٹنٹ کی جانب سے مؤثر فنجیسائیڈ کے استعمال کے بارے میں بتائی گئی تمام معلومات کو کسان بہت دلچسپی اور خوشی سے سن رہے تھے۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ کا کسانوں سے بہت اچھا تعلق تھا۔

## (7) رائس سمٹ

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| چاول | Rice Smut | اجتماعی رابطہ | 7 کسان | جعفر آباد |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

رائس سمٹ علاقے کے بڑے مسائل میں سے ایک ہے۔مناسب حل علاقے کے کسانوں تک پہنچانا انتہائی ضروری تھا۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے اپنی سرگرمی میں خود سے تیار کردہ چارٹس کے ذریعئے اس مسئلے کے حل کی وضاحت کی اور فنجیسائیڈ کی بوتلیں بھی ساتھ لایا تھا تاکہ کسانوں کو ظاہری طور پر دکھا سکے۔

### کسانوں کا ردعمل

کسانوں نے انتہائی دلچسپی اور غور سے فیلڈ اسسٹنٹ کو سنا اور وہ اس مسئلے کا حل جاننے کیلیئے پرجوش تھے۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ نے اس خاص مسئلے کا حل ٹریننگ سے نہ ملنے کے باوجود زبردست کارکردگی دکھائی اور اپنے محکمہ کی مدد سے اس مسئلے کی تحقیق اور تشخیص کے بعد اس کا حل تلاش کیا۔

## (8) کپاس کی فصل میں سفید مکھی اور تیلے کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| کپاس | کپاس کی فصل میں سفید مکھی اور تیلے کا تدارک | اجتماعی ملاقات | 8 کسان | کوہلو |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

اس علاقہ میں کپاس کی فصل تیلے اور سفید مکھی کا شکار ہے۔ کاشتکاروں تک مناسب حل پہنچایا جانا ضروری تھا۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے اپنے پیغام کو زبانی طور پر اچھے طریقے سے شیئر کیا۔کسانوں نے فیلڈ اسسٹنٹ سے سوالات کیے، اور اس نے پیسٹ کنٹرول پر جوابات دیئے۔فیلڈ اسسٹنٹ نے گروپ ڈسکشن کے ذریعے کسانوں کو درپیش مسائل کے حل بتاکر مطمئن کیا۔اس نے مقامی زبان کا استعمال کرتے ہوئے مؤثر طریقے سے حرف بہ حرف تدارک کا طریقہ کار سمجھایا۔

### کسانوں کا ردعمل

گروپ ڈسکشن کے دوران کسانوں نے بہت سے سوالات کئے۔ وہ خوش تھے اور مطمئن تھے کہ انہیں ان کے مسائل کا حل فراہم کیا گیا ہے۔ وہ فیلڈ اسسٹنٹ کی جانب سے بتائی گئی تکنیک پر عملدرآمد کرنے کے لیے تیار تھے۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ نے اس سرگرمی میں مقامی زبان (بلوچی) کا استعمال جس کی بدولت کسان فیلڈ اسسٹنٹ

کی جانب سے بتائی گئی تکنیک کو اچھی طرح سمجھ پائے۔

## (9) گندم میں رسٹ کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| گندم | رسٹ کا تدارک | اجتماعی ملاقات | 6 کسان | خضدار |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

رسٹ اس علاقے میں گندم کی فصل کی ایک اہم بیماری ہے جس سے یہاں کے کسانوں کی ایک تہائی فصل متاثر ہوتی ہے۔ رسٹ کا حل کسانوں تک پہنچانے کی اشد ضرورت تھی۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ بیماری کی وضاحت کے لیے چارٹ لائے۔ انہوں نے کسانوں کے ساتھ بیماری کے بارے میں بات چیت کی، ان سے سوالات کیے اور اپنے تجربات ان کے ساتھ شیئر کیے۔ انہوں نے بیماری سے بچاؤ کے لیے آبپاشی کے طریقہ کار پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ فیلڈ اسسٹنٹ نے کسانوں کی رہنمائی کی کہ وہ گندم کا تصدیق شدہ بیج کہاں سے خریدیں۔

### کسانوں کا ردعمل

کسانوں کے ردعمل سے لگتا تھا کہ وہ مطمئن تھے۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ اپنے فیلڈ ورک 2 کی اچھی تیاری کی تھی، اور وہ پیغام بھی تیار کیا جو اسے پہنچانا تھا۔ اس نے

اپنی پوری کوشش کی اور اپنی سرگرمی کو شاندار طریقے سے انجام دیا۔

## (10) پیاز کی فصل میں روٹ راٹ

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| پیاز | روٹ راٹ کا تدارک | اجتماعی ملاقات | 7 کسان | خاران |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

چونکہ اس علاقے میں کسانوں کو روٹ راٹ جیسی مرض کا سامنا تھا تو اسلیئے ضروری تھا کہ یہاں یہ سرگرمی کی جاتی۔

### سرگرمی کا خاکہ

سب سے پہلے، فیلڈ اسسٹنٹ نے کسانوں سے پیاز کی روٹ راٹ بیماری کے بارے میں ان کے پاس معلومات کے بارے میں پوچھا۔ پھر، فیلڈ اسسٹنٹ نے بیماری کی وجوہات اور پوسٹرز اور چارٹس کے ذریعے اس پر قابو پانے کے طریقے بتائے۔

### کسانوں کا ردعمل

کسان خوش تھے اور سرگرمی میں بہت دلچسپی لے رہے تھے۔ انہوں نے فیلڈ اسسٹنٹ کی بات غور سے سنی اور فیلڈ اسسٹنٹ کی جانب سے بتائی گئی تکنیک کو اپنانے کے لیے تیار تھے۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ کی کارکردگی پوری سرگرمی میں اچھی رہی۔ کسانوں کے ساتھ اس کا رویہ بھی اچھا تھا۔

## (11) ریڈ پام ویول کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| کھجور | Red palm weevil | گروپ میٹنگ | 4 کسان | پنجگور |





### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

کسان اس خاص کیڑے کی وجہ سے شدید معاشی بدحالی کا شکار تھے لہذا اس مسئلے کا حل کسانوں تک پہچانا انتہائی ضروری تھا۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ کو اس مضمون پہ مہارت حاصل تھی اور سرگرمی میں شریک کسانوں کو بہتر طریقے سے سمجھانے کیلئے اس چارٹس کا استعمال بھی کیا۔فیلڈ اسسٹنٹ نے اس سرگرمی میں شریک کسانوں کو زہروں کے استعمال کا طریقہ کار سمجھایا۔

### کسانوں کا ردعمل

سرگرمی میں شریک کسانوں نے دلچسپی کا اظہار کیا اور یہ وعدہ بھی کیا کہ وہ یہ معلومات دوسرے کسانوں تک بھی پہنچائیں گے۔

### خصوصی ریمارکس

- فیلڈ اسسٹنٹ نے اس سرگرمی کی اچھی تیاری کی تھی جسکی وجہ سے یہ ایک کامیاب سرگرمی بھی رہی۔سرگرمی کے اختتام پر فیلڈ اسسٹنٹ نے سرگرمی میں شریک کسانوں سے سوالات جوابات بھی کیے تا کہ وہ جان

سکے کہ شرکاہ کو اس کی جانب سے بتائی گئی تکنیک کس حد تک سمجھ میں آئی اور شرکاہ کی جانب سے تمام سوالات کے درست جوابات دیے گئے۔

## (12) گلابی سنڈی کا تدارک

| فصل | مضمون | توسیعی طریقہ کار | شرکاء کی تعداد | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| کپاس | Pink ball worm | گروپ میٹنگ | 8 کسان | لسبیلہ |






### سرگرمی کی ضرورت پیش آنے کی وجہ

چونکہ کسان اس خاص کیڑے کے مسئلے سے دوچار تھے اس لیے وہ اس کے تدارک کا طریقہ کار سیکھنا چاہتے تھے۔

### سرگرمی کا خاکہ

فیلڈ اسسٹنٹ نے توسیعی مواد کی مدد سے سرگرمی میں شریک کسانوں کو مسئلے کا کیمیائی تدارک سمجھایا اور اس کے علاوہ دیگر کیڑے مکوڑوں کے مسائل بھی زیر بحث لائے گئے۔

### کسانوں کا ردعمل

سرگرمی میں شریک کسانوں نے زیر بحث لائے گئے مضمون میں دلچسپی لی اور اس طرح کی سرگرمی کو سراہا اور اپنے مسائل کے پیش نظر اس طرح کی مزید سرگرمیوں کے انعقاد کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔

### خصوصی ریمارکس

- یہ ایک کامیاب توسیعی سرگرمی تھی جس میں فیلڈ اسسٹنٹ نے چارٹس کا استعمال کرتے ہوئے کوشش کی کہ وہ بہتر طریقے سے سرگرمی میں شریک کسانوں کو سمجھا سکے۔

# ملحقہ جات(Annexures)

## اہم زرعی مسائل اور قابل فہم توسیعی سرگرمیوں کے ساتھ ہر ضلع کی خصوصیات

## 1۔ گروپ 1 کی اہم خصوصیات

### 1.1۔عمومی طور گروپ 1

1) خاکہ

گروپ 1 کے اضلاع صوبے کے شمالی حصے میں واقع ہیں۔ زیادہ تر علاقہ پہاڑی ہے، جسے بلوچستان کے زرعی ماحولیاتی زونز کے "اپ لینڈ1" کے طور پر تفویض کیا گیا ہے۔اہم فصلیں سیب، انگور، خوبانی، چیری، انار، گندم، آلو، سورج مکھی اور خریف کی سبزیاں ہیں۔اس گروپ کی خاصیت بڑے رقبے پر پھلوں کی پیداوار ہے، خاص طور پر سیب کی پیداوار صوبے کی کل پیداوار کا 83٪ اور انگور کی 74٪ پیداوار اس گروپ کے علاقوں سے لی جاتی ہے۔

2) زمین کا استعمال اور آبپاشی کی صورتحال (اکائی:ہیکٹر)

| ضلع | زیر کاشت علاقہ | فصل کا رقبہ | آبپاش رقبہ | نہری آبپاشی | ٹیوب ویل سے آبپاشی |
|---|---|---|---|---|---|
| شیرانی | 6,474 | 1,778 | 1,578 | 0 | 410 |
| ژوب | 59,463 | 16,313 | 18,197 | 17,000 | 908 |

| ضلع | زیر کاشت علاقہ | فصل کا رقبہ | آبپاش رقبہ | نہری آبپاشی | ٹیوب ویل سے آبپاشی |
|---|---|---|---|---|---|
| قلعہ سیف اللہ | 151,619 | 87,292 | 92,900 | 0 | 92,770 |
| قلعہ عبداللہ | 15,704 | 11,589 | 11,550 | 0 | 10,743 |
| پشین | 155,951 | 24,533 | 23,860 | 0 | 22,690 |
| کوئٹہ | 29,099 | 9,029 | 9,168 | 0 | 8,925 |
| ذیلی کل | 418,310 | 150,534 | 157,253 | 17,000 | 136,446 |
| بلوچستان | 3,194,438 | 1,064,328 | 1,109,560 | 535,651 | 481,676 |

## اہم فصلات

### غذائی اجناس اور سبزیات (اکائی: ہیکٹر)

| ضلع | گندم | چاول | کپاس | ربی (سبزیات) | خریف (سبزیات) | پیاز | ٹماٹر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیرانی | 510 | 0 | 0 | 0 | 40 | 35 | 15 |
| ژوب | 3,144 | 0 | 0 | 157 | 130 | 31 | 30 |
| قلعہ سیف اللہ | 9,900 | 0 | 0 | 1,570 | 3,193 | 520 | 2,050 |
| قلعہ عبداللہ | 1,675 | 0 | 0 | 71 | 422 | 80 | 120 |
| پشین | 3,177 | 0 | 0 | 128 | 1,071 | 129 | 565 |
| کوئٹہ | 2,600 | 0 | 0 | 239 | 370 | 390 | 140 |
| ذیلی ٹوٹل | 21,006 | 0 | 0 | 2,165 | 5,226 | 1,185 | 2,920 |
| بلوچستان | 394,064 | 170,018 | 36,779 | 17,340 | 18,099 | 28,154 | 13,118 |

### پھلدار درخت (اکائی: ہیکٹر)

| ضلع | سیب | انگور | خوبانی | بادام | آڑو | انار | کھجور |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیرانی | 53 | 21 | 70 | 53 | 3 | 21 | 0 |
| ژوب | 6,467 | 483 | 2,009 | 2,199 | 225 | 686 | 0 |
| قلعہ سیف اللہ | 51,570 | 130 | 11,170 | 1,730 | 2,290 | 2,015 | 0 |

| ضلع | سیب | انگور | خوبانی | بادام | آڑو | انار | کھجور |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قلعہ عبداللہ | 5,617 | 253 | 2,115 | 28 | 212 | 317 | 0 |
| پشین | 6,992 | 8,307 | 992 | 164 | 300 | 505 | 0 |
| کوئٹہ | 1,406 | 1,526 | 559 | 0 | 486 | 2 | 0 |
| ذیلی ٹوٹل | 72,105 | 10,720 | 16,915 | 4,174 | 3,516 | 3,546 | 0 |
| بلوچستان | 87,171 | 14,564 | 22,199 | 10,100 | 5,655 | 5,778 | 53,264 |

نوٹ: اوسط سطح سمندر سے بلندی 1600-700 میٹر تک ہے اور بارش 280-200 ملی میٹر تک ہر سال ہوتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ بارش (70٪) جنوری سے اپریل کے مہینوں میں ہوتی ہے اور یہ مون سون کی پٹی سے باہر ہے۔

## 1.2۔ گروپ 1 کے مختلف اضلاع کی خوبیاں

### قلعہ سیف اللہ

#### 1) خاکہ

قلعہ سیف اللہ شمال مغربی بلوچستان کا ایک ضلع ہے، جو کہ پھل اور سبزیاں پیدا کرنے والی زرخیز مٹی کے لیے مشہور ہے۔ جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ صوبے میں سیب کی کل پیداوار کا 83٪ گروپ 1 میں پیدا ہوتا ہے۔ اور، قلعہ سیف اللہ میں سیب اور خوبانی کے بے شمار باغات ہیں جو دوسرے صوبوں کو پھل برآمد کرتے ہیں۔ ضلع کی اہم سبزیاں ٹماٹر، گاجر اور مرچیں ہیں۔ 2017 کی مردم شماری کے مطابق یہاں کی کل آبادی 342,814 تھی۔ اکثریت (99٪) کی پہلی زبان پشتو ہے۔

#### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈ ورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد: 15 (منتخب شدہ فصلات: سیب۔13، ٹماٹر۔2)

بہت سے فیلڈ اسسٹنٹ نے سیب کی فصل کو فیلڈ ورک 1 فارم سروے میں منتخب کیا، کیونکہ علاقے کے بہت سے کاشتکار سیب کی فصل میں مختلف مسائل کا شکار ہیں۔ مندرجہ ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں دکھاتا ہے۔

## ضلع قلعہ سیف اللہ میں سیب کی فصل کے اہم مسائل

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | چھال کا پھٹنا | درختوں کی غیرمناسب شاخ تراشی، جڑی بوٹیوں کی تلفی، آبپاشی، | مناسب شاخ تراشی، جڑی بوٹیوں کی تلفی، مناسب آبپاشی، کھادوں کا استعمال |
| | تیل نما پانی / چھال کا پھٹنا | جڑی بوٹیوں کی بہت زیادہ مقدار، ناقص شاخ تراشی کی وجہ سے ہوا اور سورج کی روشنی نہیں پہنچ پاتی | مناسب شاخ تراشی اور جڑی بوٹیوں کا خاتمہ سیکھنے کی ضرورت ہے۔ |
| | روٹ راٹ | کھادوں کا استعمال | نامیاتی کھاد کا استعمال |
| کیڑے مکوڑے | White grub | درختوں کی جڑیں خشک ہو جانے کی وجہ سے | خشکی کی اہم وجہ لوڈ شیڈنگ ہے |
| | White grub | گوبر اس کیڑے کے پیدا ہونے کی اہم وجہ ہے | - |
| | Shoot borer | مناسب وقت پر جڑی بوٹیوں کی تلفی نہ کرنا | مناسب وقت پر جڑی بوٹیوں کی تلفی باغات کی صفائی، کیمیائی کھادوں کا استعمال |
| | Die Back / Grub | غذائی اجزاء اور پانی کی عدم دستیابی | حیاتیاتی اور کیمیائی تدارک، جڑی بوٹیوں کی تلفی |
| | Flate borer, Rate borer | جڑی بوٹیوں کی زیادہ تعداد | کھادوں کا مناسب استعمال، جڑی بوٹیوں کی تلفی |
| دیگر | قبل از وقت پھل کا گرنا | پانی کی کمی، کھادوں کا استعمال نہ کرنا | ڈرپ اریگیشن سسٹم مسائل کو روکنے کے لیے موثر ہے۔ |
| | مارکیٹنگ | رجسٹریشن نہ ہونے کی وجہ سے کسان مختلف منڈیوں تک رسائی حاصل نہیں کرسکتا | دوسرے صوبے کے گوداموں کا استعمال |

### 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

اس ضلع میں سیب کی پیداوار کی نمایاں اہمیت کے مطابق، مطلوبہ توسیعی سرگرمیوں میں سے ایک سرگرمی اس خاص فصل پر ہونی چاہیے۔ مثال کے طور پر، سیب کی بیماریوں کی صورت میں، چھال کا پھٹنا علاقے کا اہم مسئلہ ہے۔ کچھ فیلڈ اسسٹنٹ اور کسانوں نے بتایا ہے کہ چھال کے پھٹنے کی ممکنہ وجوہات درختوں کی غیرمناسب شاخ تراشی، جڑی بوٹیوں کی تلفی اور آبپاشی ہیں۔ لہٰذا، اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے، متوقع توسیعی سرگرمی درختوں کی مناسب شاخ تراشی، جڑی بوٹیوں کی تلفی، آبپاشی، اور کھادوں کے استعمال کا احاطہ کرسکتی ہے۔ اس کے علاوہ، گروپ 1 کے اضلاع میں یہ ضلع آبپاشی کے لحاظ سے سب سے بڑا ہے، اس لیے آبپاشی سے متعلق مسئلہ متوقع توسیعی سرگرمیوں کا ایک ممکنہ موضوع ہو سکتا ہے۔

درج ذیل جدول میں قلعہ سیف اللہ میں فیلڈ ورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمی کی مثالیں دکھائی گئی ہیں۔

**قلعہ سیف اللہ میں فیلڈ ورک 2 کے طور پر کی گئیں توسیعی سرگرمیاں**

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| کیڑے مکوڑے | San jose scale | کیمیائی کنٹرول | کھارے پانی کا شدید مسئلہ تھا،اور سیب کے درختوں پر کیڑے مکوڑے حملہ کرتے تھے۔ |
| | White Grub | کیمیائی کنٹرول | ان خاص کیڑوں کے حملے سے پورا باغ متاثر ہوا۔ |
| مارکیٹنگ | شاختراشی | شاختراشی کا طریقہ کار | مارکیٹنگ اور شاختراشی کی مناسب معلومات کا نہ ہونا |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | End rot | اس خاص بیماری کا کیمیائی تدارک | |
| جڑی بوٹی | سوزگلOrobanche | کیمیائی تدارک | اس کھیت میں اس سوزگل جڑی نامی جڑی بوٹی کا شدید حملہ تھا |

## ضلع پشین

### 1) خاکہ

پشین صوبہ بلوچستان کا ایک شمال مغربی ضلع ہے جو قلعہ سیف اللہ کے مغرب میں واقع ہے۔اس علاقے کی اہم فصلیں گندم، جو، مکئی، آلو، انگور، سیب، خوبانی اور آڑو ہیں جو وہاں کی وادیوں میں اگائی جاتی ہیں۔خاص طور پر انگور بہت اہم ہیں اور صوبے میں انگور کی فصل کا 57٪اس ضلع میں پیدا ہوتا ہے۔ 2017 کی مردم شماری کے مطابق ضلع پشین کی آبادی 736,481 ہے۔ضلع میں سب سے بڑی زبان پشتو ہے جو کہ اس ضلع کے 99٪ علاقے میں بولی جاتی ہے۔

### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد:10(منتخب کی گئی فصل:انگور۔5، ٹماٹر۔5)

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ فیلڈ اسسٹنٹس نے متوازن طور پر انگور اور ٹماٹر کی فصل کو فیلڈورک 1 کی سرگرمی کیلئے منتخب کیا، انگور اس ضلع کی نمایاں فصلوں میں سے ایک ہے۔

## ضلع پشین میں انگور اور ٹماٹر کی فصلات کے اہم مسائل

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Anthracnose | بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی وجہ سے | کیمیائی سپرے کا استعمال |
| | فنگس کا حملہ | آبپاشی کی زیادتی، جڑی بوٹیاں | کیمیائی سپرے کا استعمال، جڑی بوٹیوں کی تلفی |
| | نشوونما میں رکاوٹ | کھادوں کا ضرورت سے زیادہ استعمال | کھادوں کا مناسب استعمال |
| | Bursting grapes | پانی کی عدم دستیابی، زیادہ درجہ حرارت | - |
| کیڑے مکوڑے | جوئیں | آبپاشی کی ناکافی تکنیک | کیمیائی سپرے کا استعمال |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | فنگس کا حملہ | خراب کوالٹی اور غیر رجسٹرڈ مصنوعات کا استعمال | کیمیائی سپرے کا استعمال |
| | جھلساؤ | نمی کی زیادتی، غیر مناسب آبپاشی | مناسب آبپاشی، پھپھوندی کش زہروں کا استعمال |
| کیڑے مکوڑے | Short borer | غیر مناسب بیج کی تیاری، جڑی بوٹیاں, | اچھی کوالٹی کے بیج اور کیمیکل کا استعمال |
| | Aphid | پانی کی کمی، کم معیار کی ڈھیرانی کھاد، تیز درجہ حرارت | تازہ گوبر کا استعمال |
| | Leaf miner | سیوریج کا پانی اور شدید بارش | کیمیائی سپرے کا استعمال |

### 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

اس ضلع میں انگور کی پیداوار کی نمایاں اہمیت کے مطابق، مطلوبہ توسیعی سرگرمیوں میں سے ایک سرگرمی اس خاص فصل پر ہونی چاہیئے۔ فیلڈ ورک 1 کے نتائج کے مطابق، بہت سے کسانوں نے انگور کی بیماریوں اور کیڑوں کے مسائل کا ذکر کیا۔ کیمیائی سپرے کے استعمال کے علاوہ شاخ تراشی یا جڑی بوٹیوں کی تلفی سمیت دیگر ثقافتی طریقوں سے بھی اس مسئلے کو حل کیا جا سکتا ہے، جس سے فصل کے بڑھوتری کے عمل کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انگور کے علاوہ اس ضلع میں کچھ سبزیاں جیسے ٹماٹر اور پیاز بھی اہم ہیں، جو کہ فیلڈ ورک 1 کیلئے منتخب کی جا سکتی ہیں۔ درج ذیل جدول میں ضلع پشین میں فیلڈ ورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمی کی مثالیں دکھائی گئی ہیں۔

## ضلع پشین میں فیلڈورک کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمیاں

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | پھپھوندی کا حملہ | کیمیائی تدارک | عمومی طور پر انگور کی فصل میں پھپھوندی کا حملہ ہوتا ہے |
| | بڑھوتری کے عمل کا رک جانا | chlorothalonil کی ذریعے رکی ہوئی نشوونما کو کنٹرول کرنا | |
| کیڑے مکوڑے | تیلا | تیلے کا کیمیائی تدارک | |
| | جوئیں | جوہوں کا کیمیائی تدارک | |
| غذائیت کی کمی | Berry cracking | پھپھوندکش کیمیکل سے اس بیماری کا علاج | |

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | چھال کا پھٹنا | بورڈیکس مکسچر اور آبپاشی کے ذریعے تدارک | چھال کے پھٹنے کی بیماری اس علاقے کا ایک اہم مسئلہ ہے۔ |
| | روٹ راٹ | کمپوسٹ کے استعمال سے تدارک | |
| کیڑے مکوڑے | White grub | کیمیائی اور مکینیکل طریقوں سے تدارک | یہ اس علاقے کا اہم مسئلہ ہے |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | پھپھوندی کا حملہ | پھپھوندی کش زہروں کے زریئے تدارک | |
| کیڑے مکوڑے | Leaf miner | کیمیائی تدارک | |
| جڑی بوٹیاں | سوزگل | فصلوں کا ھیر پھیر | سوزگل اس علاقے کا اہم مسئلہ ہے |

## ضلع قلعہ عبداللہ

### 1) خاکہ

قلعہ عبداللہ صوبہ بلوچستان کا ایک شمال مغربی ضلع ہے، جو پشین کا ہمسایہ ہے، اور اس کی مغربی سرحد افغانستان سے ملتی ہے۔ قلعہ عبداللہ کو ضلع پشین سے الگ کر کے جون 1993 میں ایک نیا ضلع بنایا گیا۔عمومی طور پر یہ پہاڑی علاقہ ہے جس کی وجہ سے، ضلع میں قابل کاشت

رقبہ گروپ 1 کے دوسرے اضلاع کے مقابلے میں کم ہے۔اس ضلع میں اگائی جانے والی اہم فصلیں گندم، سیب، خوبانی اور انگور ہیں۔ 2017 کی مردم شماری میں ضلع قلعہ عبداللہ کی آبادی 757,578 تھی۔ پشتو سب سے بڑی زبان ہے جسے 98٪ آبادی بولتی ہے۔

## 2) اہم زرعی مسائل

سرگرمیوں کی تعداد:8(منتخب شدہ فصلات: انگور۔5، سیب۔02 اور ٹماٹر۔1)

زیادہ تر فیلڈ اسسٹنٹ نے فیلڈ ورک 1 فارم سروے میں پھلوں کے درخت جیسے انگور اور سیب کا انتخاب کیا۔ چونکہ ضلع میں زیادہ تر پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے قابل کاشت رقبہ بہت کم ہے، اس لیے اس ضلع کی اہم فصلات یہ پھل دار درخت ہیں۔مندرجہ ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں بیان کی گئی ہیں۔

**ضلع قلعہ عبداللہ میں سیب اور انگور کی فصلات کے اہم مسائل**

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Downy mildew | High humidity<br>Improper irrigation (watering (from the top of plants<br>شرح نم کا زیادہ ہونا، غیرمناسب آبپاشی | متاثرہ پتوں کی تلفی<br>ہوا کی گردش کو بہتر بنانے کے لیے پودوں کی شاخ تراشی کر کے نمی کو ختم کریں، مٹی کی ملچنگ، کیمیائی سپرے استعمال |
| | Sper Ghwazhai | باغات میں جڑی بوٹیوں کی موجودگی، غیر مناسب وقت میں آبپاشی | جڑی بوٹیوں کی تلفی، مناسب وقت پر آبپاشی، کیمیائی سپرے استعمال |
| کیڑے مکوڑے | Aphid | تاخیر سے جڑی بوٹیوں کی تلفی، غیر مناسب کیمیائی سپرے کا استعمال، نامیاتی کھاد کی کم مقدار | جڑی بوٹیوں کی تلفی، کیمیائی سپرے کا استعمال، نامیاتی کھاد کا استعمال |

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Anthracnose | نمی کی زیادتی، غیر مناسب آبپاشی، نکاسی آب کا ناکافی انتظام | متاثرہ پتوں کی تلفی، شاخ تراشی کی مدد سے نمی کی مقدار کو ختم کرنا، کیمیائی سپرے کا استعمال |
| | Stem Splitting and Oily Liquid | پانی کی کمی، غیر مناسب زیر زمین غذائی اجزاء | مؤثر اقدامات کا فقدان |

## 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

اس ضلع میں بہت سے فیلڈ اسسٹنٹ نے پھلدار درختوں کو فیلڈورک 1 کے فارم سروے میں منتخب کیا۔ پھل دار درختوں میں سے انگور اور سیب ضلع میں اہم معلوم ہوتے ہیں، اس لیے مطلوبہ توسیعی سرگرمیاں ان پھلوں کی فصلوں پر مرکوز ہوں گی۔ پشین کی طرح، بہت سے کسانوں نے ان پھلوں کے درختوں کی بیماریوں اور کیڑوں کے مسائل کی نشاندہی کی، کیمیکل کے استعمال کے علاوہ، شاخ تراشی یا جڑی بوٹیوں کی تلفی سمیت ثقافتی طریقوں کو بہتر بنانے سے بھی مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ اگرچہ ضلع میں کاشت کا رقبہ بہت کم ہے، لیکن زیادہ تر رقبہ سیراب ہے، اس لیے آبپاشی سے متعلق مسئلہ بھی توسیعی سرگرمیوں کا ایک اہم موضوع ہو سکتا ہے۔

## ضلع قلعہ عبداللہ میں فیلڈورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمیاں

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | Downy Mildew | Control with Topsin M chemical کیمیائی تدارک | انگور کے باغات میں کنٹرول کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ سب سے زیادہ تباہ کن ہے اور بڑے نقصان کا سبب بنتا ہے۔ |
| کیڑے مکوڑے | تیلا | کیمیائی تدارک | سیب کی فصل کا اہم مسئلہ |
| | جوئیں | Control through use of penconazole insecticide کیمیائی تدارک | اس مسئلے کی نشاندہی فیلڈورک 1 میں کی گئی |

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | چھال کا پھٹنا | مناسب آبپاشی اور شاخ تراشی | علاقے کا سب سے عام مسئلہ |
| | Powdery mildew | کھادوں کا مناسب استعمال | |
| کیڑے مکوڑے | White grub | کیمیائی تدارک | علاقے کا سب سے عام مسئلہ |
| | Short borer | بورڈو مکسچر کے ذریعے تدارک | |

## ضلع کوئٹہ

### 1) خاکہ

کوئٹہ صوبہ بلوچستان کے شمال مغرب میں ایک ضلع ہے جو افغانستان کے صوبہ قندھار کے ساتھ سرحد پر واقع ہے۔ یہ ضلع اپنی زرعی پیداوار کے لیے مشہور ہے، خاص طور پر پھلوں کے باغات بشمول سیب اور انگور۔ 2017 کی مردم شماری میں گنتی کی گئی آبادی 2,275,699 تھی، جب کہ 2010 میں اس کا تخمینہ 1,235,000 لگایا گیا تھا۔ 2017 کی مردم شماری کے وقت، 56٪ آبادی پشتو بولتی تھی، اس کے بعد

16٪ براہوی، 7٪ بلوچی، اور 5٪ پنجابی۔

## 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد:8 (منتخب شدہ فصلات: خوبانی۔2، انگور۔2 اور دیگر فصلات۔4)

پھلوں کے درخت جیسے انگور، سیب اور خوبانی کوئٹہ ضلع میں بھی اہم ہیں۔اس کے علاوہ ٹماٹر اور کھیرے سمیت کچھ سبزیاں بھی اس ضلع میں اگائی جاتی ہیں۔مندرجہ ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں دکھاتا ہے۔

**ضلع کوئٹہ میں خوبانی اور انگور کی فصل کے اہم مسائل**

| فصل: خوبانی | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| کیڑے مکوڑے | Top borer | ماحولیاتی تبدیلی (گرمی)، پانی کی قلت | مؤثر اقدامات کا فقدان |
| | Shafta | کھادوں کا غیر مناسب استعمال، پانی کی کمی | کیمیائی سپرے کا استعمال |

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Black rot | پانی کی کمی، جڑی بوٹیاں | واضح نہیں ہے |
| Pest | Phenerogamic plants attack | ,Sewerage water is one of the causes Heavy rainfall | واضح نہیں ہے |

## 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

پشین اور قلعہ عبداللہ کی طرح، اس ضلع میں بھی پھل دار درخت اہم ہیں، اور متوقع توسیعی سرگرمیاں سیب، خوبانی اور انگور پر کی جائیں گی۔ فیلڈ ورک 1 کے نتائج کے مطابق، بہت سے کسانوں نے اس مسئلے کے جوابی اقدامات کا ذکر کیا ہے جو زیادہ واضح نہیں ہیں۔لہٰذا یہ ضروری ہے کہ کسانوں تک پہنچانے کے لیے ممکنہ حل بتائے جائیں۔

## ضلع کوئٹہ میں فیلڈورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمیاں

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | Black rot | کیمیائی تدارک | پھپھوندی کا شدید حملہ |
| کیڑے مکوڑے | جڑی بوٹیوں کا تدارک | جڑی بوٹیوں کا تدارک | انگور کے باغ پر شدید حملہ |

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | پھپھوندی کا حملہ | کیمیائی تدارک | پھپھوندی کا شدید حملہ |
| | پھلوں کا گرنا | کھادوں کا مناسب استعمال | قبل از وقت پھلوں کا گرنا |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | پھپھوندی کا حملہ | کیمیائی تدارک | پھپھوندی کا شدید حملہ |
| مارکیٹنگ | فوڈ پروسیسنگ | Tomato Preservation | خشک کرنے کے عمل سے ٹماٹر کو گلنے سڑنے سے بچانا |

## 2۔گروپ 2 کی اہم خوبیاں

### 2.1۔عمومی طور پر گروپ 2

#### 1) خاکہ

گروپ 2 گروپ 1 کا ہمسایہ گروپ ہے اور اس کے جنوب میں واقع ہے، اور اس گروپ کا زرعی ماحولیاتی زون بھی "اپ لینڈ1-" ہے۔یہاں کی اہم فصلیں گندم، دالیں، پیاز، ٹماٹر، سیب، بادام، خوبانی، چیری اور انار ہیں۔

#### 2) زمین کا استعمال اور آبپاشی کی صورتحال (اکائی:ہیکٹر)

| ضلع | زیر کاشت علاقہ | فصل کا رقبہ | آبپاش رقبہ | نہری آبپاشی | ٹیوب ویل سے آبپاشی |
|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ خیل | 12,925 | 6,066 | 3,745 | 0 | 2,985 |
| بارکھان | 43,155 | 19,775 | 19,895 | 0 | 14,325 |

| ضلع | زیر کاشت علاقہ | فصل کا رقبہ | آبپاش رقبہ | نہری آبپاشی | ٹیوب ویل سے آبپاشی |
|---|---|---|---|---|---|
| لورالائی | 130,549 | 30,974 | 28,782 | 0 | 27,952 |
| زیارت | 10,013 | 5,386 | 6,608 | 0 | 3,768 |
| ہرنائی | 6,420 | 6,420 | 7,186 | 0 | 1,632 |
| مستونگ | 203,485 | 16,898 | 20,287 | 0 | 20,281 |
| قلات | 113,470 | 16,775 | 17,531 | 0 | 17,499 |
| ذیلی ٹوٹل | 520,017 | 102,294 | 104,034 | 0 | 88,442 |
| بلوچستان | 3,194,438 | 1,064,328 | 1,109,560 | 535,651 | 481,676 |

## اہم فصلات

### غذائی اجناس اور سبزیات (اکائی: ہیکٹر)

| ضلع | گندم | چاول | کپاس | ربی (سبزیات) | خریف (سبزیات) | پیاز | ٹماٹر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسٰی خیل | 1,070 | 0 | 0 | 213 | 161 | 50 | 55 |
| بارکھان | 10,978 | 0 | 912 | 1,906 | 1,312 | 48 | 3,095 |
| لورالائی | 9,431 | 0 | 192 | 1,237 | 1,004 | 585 | 555 |
| زیارت | 500 | 0 | 0 | 0 | 64 | 56 | 0 |
| ہرنائی | 1,780 | 40 | 0 | 394 | 510 | 1,057 | 144 |
| مستونگ | 3,965 | 0 | 0 | 113 | 134 | 1,220 | 59 |
| قلات | 4,935 | 0 | 0 | 138 | 1,408 | 2,695 | 935 |
| ذیلی ٹوٹل | 32,659 | 40 | 1,104 | 4,001 | 4,593 | 5,711 | 4,843 |
| بلوچستان | 394,064 | 170,018 | 36,779 | 17,340 | 18,099 | 28,154 | 13,118 |

### پھلدار درخت (اکائی: ہیکٹر)

| ضلع | سیب | انگور | خوبانی | بادام | آڑو | انار | کھجور |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسٰی خیل | 137 | 0 | 31 | 80 | 0 | 27 | 0 |

| ضلع | سیب | انگور | خوبانی | بادام | آڑو | انار | کھجور |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بارکھان | 1,164 | 4 | 93 | 497 | 34 | 13 | 0 |
| لورالائی | 1,567 | 198 | 2,344 | 4,652 | 186 | 1,197 | 0 |
| زیارت | 3,927 | 0 | 112 | 299 | 46 | 0 | 0 |
| ہرنائی | 78 | 8 | 258 | 0 | 40 | 40 | 16 |
| مستونگ | 4,874 | 1,384 | 2,025 | 56 | 760 | 0 | 0 |
| قلات | 2,012 | 210 | 280 | 0 | 1,005 | 64 | 0 |
| ذیلی ٹوٹل | 13,759 | 1,804 | 5,143 | 5,584 | 2,071 | 1,341 | 16 |
| بلوچستان | 87,171 | 14,564 | 22,199 | 10,100 | 5,655 | 5,778 | 53,264 |

نوٹ:اس گروپ کی اوسط بلندی 1500-750 میٹر سے درمیان ہے اور اوسط بارش 400-200 ملی لیٹر ہوتی ہے۔اوسط کم از کم درجہ حرارت 11 سے 15.5 سینٹی گریڈ اور زیادہ سے زیادہ 26 سے 31.5 سینٹی گریڈ ہوتا ہے۔
(حوالہ: بلوچستان کے مختلف زرعی ماحولیاتی زونز کے لیے بڑی فصلوں کی پانی کی ضروریات)IUCN،2006

## 2.2۔گروپ 2 کے مختلف اضلاع کی خوبیاں

### ضلع مستونگ

#### 1) خاکہ

ضلع مستونگ ضلع کوئٹہ کے جنوب میں واقع ہے، جہاں سیب، خوبانی، انگور اور آڑو جیسے پھلوں کے باغ عام ہیں۔گندم بھی یہاں کی ایک اہم فصل ہے۔ 2017 کی مردم شماری میں گنتی کی گئی آبادی 266,461 تھی۔ براہوی اس ضلع کی اہم زبان ہے جسے 86٪ آبادی بولتی ہے، اس کے بعد بلوچی 8٪ اور پشتو 3٪ بولی جاتی ہے۔

#### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد:11(منتخب شدہ فصلات: سیب۔3، انگور۔2 اور گندم۔3)

پھلدار درخت اس ضلع میں نمایاں ہیں لہٰذا بہت سے فیلڈ اسسٹنٹ نے فیلڈورک 1 کے فارم سروے میں سیب اور انگور کی فصلات کو منتخب کیا۔ضلع میں گندم بھی اہم ہے، اور کچھ فیلڈ اسسٹنٹس نے اس کو بھی فیلڈورک 1 کی سرگرمی کا حصہ بنایا ہے۔مندرجہ ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں بیان کرتا ہے۔

**ضلع مستونگ میں سیب، انگور اور گندم جیسی فصلات کے اہم فصلات**

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Dieback | واضح نہیں ہے | روایتی طریقہ |
| | چھال کا پھٹنا | جڑوں کی خشکی | واضح نہیں ہے |
| کیڑے مکوڑے | تیلا | | کیمیکلز کا استعمال |

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Powdery Mildew | پانی کی کمی | کیمیکلز کا استعمال |
| کیڑے مکوڑے | White Aphid | سورج کی روشنی کی کمی | کیمیکلز کا استعمال |

| فصل: گندم | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | رسٹ | پانی اور ہوا کی وجہ سے | کیمیکلز کا استعمال |
| | | کمزور زمین | واضح نہیں ہے |
| کیڑے مکوڑے | کیڑوں کا حملہ | کیڑوں کا حملہ | کیمیکلز کا استعمال |

## 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

فیلڈ ورک 1 کے نتائج کے مطابق، پھلوں کے درخت جیسے کہ سیب اور انگور ممکنہ پھیلاؤ کی سرگرمیوں کی ہدف والی فصلیں ہو سکتے ہیں۔ خاص طور پر، کچھ بیماریاں جیسے ڈائی بیک اور چھال کا پھٹ جانا عام ہے، اور ایفڈ ضلع میں مقبول ہیں۔ تاہم، بہت سے کاشتکاروں نے ممکنہ وجوہات کا ذکر کیا ہے اور جوابی اقدامات زیادہ واضح نہیں ہیں، اس لیے یہ ضروری ہے کہ ممکنہ وجوہات اور حل کی نشاندہی کی جائے جو کسانوں تک پہنچائی جائیں۔ اس کے علاوہ، ضلع میں گندم بھی اہم ہے، اور رَسٹ کی بیماری فصل کے بنیادی مسائل میں سے ایک ہے۔

### ضلع مستونگ میں فیلڈورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمیاں

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | چھال کا پھٹنا | کیمیائی تدارک | اس علاقے میں یہ بیماری عام ہے |

| فصل: انگور | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | Powdery mildew | پھپھوندی کش زہروں کا استعمال | |
| کیڑے مکوڑے | سفید مکھی | کیمیائی تدارک | |

| فصل: گندم | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | رسٹ | پھپھوندی کش زہر اور بیج کی تیاری | |

## ضلع لورالائی

### 1) خاکہ

ضلع لورالائی ضلع قلعہ سیف اللہ کے بالکل جنوب میں واقع ہے، جہاں کی اہم فصلیں پھل دار درخت ہیں جیسے بادام، خوبانی، سیب اور انار۔ ربیع اور خریف کی سبزیوں کے ساتھ ساتھ گندم بھی اہم ہے۔ ٹیوب ویل اور کاریز (اسپرنگس) عام طور پر آبپاشی کے اہم ذرائع استعمال ہوتے ہیں۔ 2017 کی مردم شماری میں گنتی کی گئی آبادی 397,400 تھی۔ یہاں کی عام پشتو زبان ہے جسے 93٪ آبادی بولتی ہے، اس کے بعد سرائیکی 1.7٪، بلوچی 1.5٪ اور پنجابی 1.3٪ بولی جاتی ہیں۔

### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد: 11( منتخب شدہ فصلات: بادآم۔2، گوبھی۔3، گندم۔3)

کچھ فیلڈ اسسٹنٹس نے پھلدار درخت(بادآم) اور گندم کے علاوہ گوبھی اور پیاز (خریف کی سبزیات) کو بھی فیلڈورک 1 کی سرگرمی کا حصہ بنایا۔ مندرجہ ذیل جدول میں اہم مسائل بیان کیے گئے ہیں جن کی نشاندہی فیلڈورک 1 میں کی گئی۔

**ضلع لورالائی میں بادآم، گوبھی اور گندم کے کسانوں کے اہم مسائل**

| فصل: بادام | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Drying/ wilting of shoots | کھادوں اور آبپاشی کا غیر مناسب استعمال، غیر معیاری حشرات کش زہر | شاخ تراشی |

| فصل: بادام | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| کیڑے مکوڑے | بورر کی وجہ سے بادام کی شاخوں کا خشک ہو جانا | کھادوں کا غیر مناسب استعمال، مناسب وقت پر آبپاشی نہ کرنا، مناسب وقت پر کیمیائی سپرے نہ کرنا | کیمیائی زہروں کا استعمال |

| فصل: گوبھی | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| کیڑے مکوڑے | ٹڈی دل | موسمی حالات | کیمیائی زہروں کا استعمال |
| جڑی بوٹیاں | Control of Shingul | بیج کی تیاری | گہرا ہل |
| | | کنواں کے پانی کے استعمال کی وجہ سے | کیمیائی زہروں کا استعمال |

| فصل: گندم | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | رسٹ | بارش اور شرح نمی کی زیادتی | مناسب آبپاشی |
| کیڑے مکوڑے | گندم کے دانوں میں سوراخ | بیج کا انتخاب، کیڑے مکوڑوں کا حملہ | کیمیائی زہروں کا استعمال |
| جڑی بوٹیاں | (Jodar (local name of weed | بیج بوے سے پہلے اس کی غیر مناسب تیاری | کیمیائی زہروں کا استعمال |

## 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

پھل اس ضلع کی بھی اہم پیداوار ہیں، جیسے بادام، سیب، خوبانی اور انار، اس لیے توسیعی سرگرمیوں میں ان فصلوں پر توجہ دینی چاہیے۔ اور، کچھ فیلڈ اسسٹنٹ نے مشورہ دیا کہ کھادوں اور کیمیکلز کا غلط استعمال مسائل کی ممکنہ وجوہات ہیں، لہذا ان موضوعات کو بھی توسیعی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ، دیگر فیلڈ اسسٹنٹس کو خریف کی سبزیوں جیسے گوبھی اور پیاز میں بھی مسائل درپیش ہیں جو ضلع کی اہم فصلات سمجھی جاتی ہیں۔ گندم بھی اس ضلع کی اہم فصل ہے، اور بیماریوں/کیڑوں یا جڑی بوٹیوں کا تدارک یہاں کے بنیادی مسائل ہیں۔

## ضلع لورالائی میں فیلڈورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمیاں

| فصل: بادام | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | درخت کی شاخوں کا خشک ہو جانا | کیمیائی تدارک، کھادوں کا مناسب استعمال | |
| شاخ تراشی | شاخ تراشی | شاخ تراشی کا طریقہ کار | |

| فصل: گوبھی | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| کیڑے | ٹڈی دل کا حملہ | کیمیائی تدارک | |
| جڑی بوٹیاں | جڑی بوٹیوں کا تدارک | جڑی بوٹیوں کا مکینیکل تدارک | جڑی بوٹی کا نام "شن گل" ہے |

| فصل: گندم | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | رسٹ | فنگس کش زہروں کا استعمال اور بیج کی تیاری | |

## ضلع زیارت

### 1) خاکہ

زیارت ضلع کوئٹہ کے مشرق میں واقع ہے، جو کہ سیب اور چیری جیسے پھلوں کی پیداوار کے لیے مشہور ہے۔ یہ ضلع پہاڑی علاقے پر مشتمل ہے اور گرمیوں کے موسم میں اس کے ٹھنڈے اور خوشگوار موسم کی وجہ سے مشہور سیاحتی مقام کا درجہ بھی رکھتا ہے۔ 2017 کی مردم شماری میں یہاں کی آبادی 160,422 تھی اور پشتو یہاں کی سب سے بڑی زبان ہے جو کہ 98٪ آبادی بولتی ہے۔

### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد: 6 (منتخب شدہ فصل: سیب۔5، چیری۔1)

چونکہ ضلع کی غالب فصل سیب اور چیری ہیں، اس لیے تمام فیلڈ اسسٹنٹ نے ان فصلوں کو فیلڈ ورک 1 فارم سروے میں منتخب کیا۔ درج ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں بیان کرتا ہے۔

## ضلع زیارت میں چیری اور سیب کے اہم مسائل

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | چھال کا پھٹنا | درختوں کی غیر مناسب شاخ تراشی، مناسب وقت پر آبپاشی نہ کرنا | مناسب شاخ تراشی اور آبپاشی، کیلشیئم کاربونیٹ کا استعمال |
| | Fire blight | مناسب وقت پر آبپاشی نہ کرنا، کھادوں کا غیر مناسب استعمال | فعال اقدام واضح نہیں ہیں |
| کیڑے مکوڑے | Shot hole borer | زمین کی غیر مناسب تیاری، پانی کا زیادہ استعمال | متاثرہ شاخوں کی تلفی، زہروں کا استعمال |
| | جوئیں | پانی کی کمی، زہروں کا غیر مناسب استعمال | مناسب وقت پر آبپاشی، زہروں کا استعمال |

| فصل: چیری | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Gummosis / چیری کے درختوں کی شاخوں کا خشک ہوجانا | کھادیں، آبپاشی، جڑی بوٹیوں کی تلفی | کیلشیئم کاربونیٹ کا استعمال، شاخ تراشی |

## 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

ضلع زیارت میں زرعی پیداوار کی خصوصیات کے مطابق، ممکنہ توسیعی سرگرمیاں یہاں کی اہم فصلات، سیب اور/ یا چیری پر کی جائیں گی۔ مثال کے طور پر، سیب کی بیماریوں کی صورت میں، چھال کا پھٹنا اور fireblight علاقے کے بڑے مسائل ہیں۔ کچھ فیلڈ اسسٹنٹس نے ان بیماریوں کی ممکنہ وجوہات میں درختوں کی غیر مناسب شاخ تراشی، جڑی بوٹیوں کی تلفی اور غیر مناسب آبپاشی کی نشاندہی بھی کی ہے، جن کا احاطہ متوقع توسیعی سرگرمیوں میں کیا جائے گا۔

## ضلع زیارت میں فیلڈورک 2 کے طور پر کی گئی توسیعی سرگرمیاں

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | چھال کا پھٹنا | کیمیکل کا استعمال | اس علاقے کی عام بیماری ہے |
| کیڑے | کاڈلنگ موتھ | | |
| | Shot hole borer | متاثرہ درختوں کے تنوں پر کاپر سلفیٹ کا وائٹ واش | ضرورت سے زیادہ آبپاشی سے پرہیز کریں۔ |
| | جوئیں | متاثرہ شاخوں کی تلفی، کیمیائی تدارک | |

| فصل: چیری | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | Gummosis | متاثرہ چھال کی تلفی، کیمیائی تدارک | مناسب آبپاشی کا انتظام ضروری ہے |

## ضلع قلات

### 1) خاکہ

ضلع قلات مستونگ ضلع کے جنوب میں واقع ہے، جہاں کی اہم فصلات پھل دار درخت ہیں جیسے سیب، خوبانی اور آڑو۔ گندم اور سبزیات جیسے پیاز اور ٹماٹر بھی یہاں کی اہم فصلات میں سے ہیں۔ یہاں کی آب و ہوا بھی خشک ہے، گرمیوں میں گرم اور سردیوں میں سردی، زیادہ تر بارشیں سردیوں میں ہوتی ہیں۔ 2017 کی مردم شماری کے مطابق یہاں کی کل آبادی 412,232 ہے۔ براہوی اس ضلع کی اہم زبان ہے جو کہ 73٪ آبادی بولتی ہے، اس کے بعد بلوچی 23٪ اور پشتو 1.6٪ آبادی بولتی ہے۔

### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد:8(منتخب شدہ فصلات: ٹماٹر/پیاز۔ 6 اور سیب۔2)

بہت سے فیلڈ اسسٹنٹس نے فیلڈ ورک 1 فارم سروے میں ٹماٹر اور پیاز جیسی سبزیوں کا انتخاب کیا، جو گروپ 2 کے دیگر اضلاع کے ساتھ واضح فرق کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، کچھ فیلڈ اسسٹنٹ نے سیب کی فصل کو توسیعی سرگرمی کا حصہ بنایا۔ درج ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں بیان کرتا ہے۔

**ضلع قلات میں سیب، ٹماٹر اور پیاز کے اہم مسائل**

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Powdery Mildew | پانی کی کمی، کھادوں کا غلط استعمال | زہروں کا استعمال |
| | پھل کا قبل از وقت گرنا | پانی کا زیادہ استعمال، غذائی اجزاہ کی کمی | کھادوں کا استعمال |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | پانی کی کمی | | |
| کیڑے | Aphids and Thrips | غیرمناسب جڑی بوٹیوں اور کیڑے مار زہروں کا استعمال | گوڈی |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| جڑی بوٹیاں | Orobancheسوزگل | غیرتصدیق شدہ بیج کا استعمال، تازہ گوبر کا استعمال | گوڈی، جلد بوائی، پولٹری کھاد کا استعمال |

| فصل: پیاز | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | جڑ کی سڑن | پانی کی کمی کی وجہ، یوریہ کا بے دریغ استعمال، زہروں کا غلط استعمال | کیمیائی زہروں کا استعمال |

## 3) اہم زرعی مسائل

دوسرے اضلاع سے مختلف، بہت سے فیلڈ اسسٹنٹس نے کچھ سبزیوں جیسے ٹماٹر اور پیاز کو سرگرمی کیلئے منتخب کیا جو کہ اس گروپ کے باقی اضلاع سے مختلف ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ دونوں یہاں کی اہم فصلات ہیں۔ لہذا، متوقع توسیعی سرگرمیوں میں ان سبزیات کو شامل کیا جائے گا۔ علاقے کے کسانوں کو جن مسائل کا سامنا ہے، ان میں، "سوزگل" نامی جڑی بوٹی یہاں کا ایک بڑا مسئلہ معلوم ہوتا ہے۔ کچھ فیلڈ اسسٹنٹس اور کسانوں کا یہ خیال ہے کہ جڑی بوٹیوں کی ممکنہ وجوہات غیرتصدیق شدہ بیجوں اور گائے کے تازہ گوبر کا استعمال ہیں۔ کسانوں کو ممکنہ حل فراہم کرنے اور اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے مزید معلومات کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ ان سبزیوں کے علاوہ ضلع میں سیب کی بھی اہمیت ہے۔

### ضلع قلات میں فیلڈورک 2 کی سرگرمیاں

| فصل: سیب | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | Powdery Mildew | کیمیائی تدارک | اس علاقے کی عام بیماری ہے |
| | پھل کا قبل از وقت گرنا | کھادوں کا مناسب استعمال | مناسب آبپاشی کا انتظام |

| فصل: ٹماٹر | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| جڑی بوٹیاں | سوزگل | | ٹماٹر کی فصل سوزگل سے بری طرح متاثر تھی |

| فصل: پیاز | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | جڑ کی سڑن | کیمیائی تدارک | |

# 3۔گروپ 3 کی اہم خوبیاں

## 3.1۔عمومی طور پر گروپ 3

### 1) خاکہ

گروپ 3 صوبے کے مشرقی حصے میں واقع ہے، اور اس کا زرعی ماحولیاتی زون "میدانی" ہے۔صوبے کے تمام سیراب علاقوں میں سے 50٪ سے زیادہ اس گروپ میں موجود ہیں، اور زیادہ تر حصہ نہری سیراب ہے۔ اگائی جانے والی اہم فصلیں گندم، چاول، کپاس، پیاز، سورج مکھی، دالیں اور چارہ ہیں۔ضلع میں پھلوں کے درختوں کی پیداوار بہت کم ہے۔

### 2) زمین کا استعمال اور آبپاشی کی صورتحال (اکائی:ہیکٹر)

| ضلع | زیر کاشت علاقہ | فصل کا رقبہ | آبپاش رقبہ | نہری آبپاشی | ٹیوب ویل سے آبپاشی |
|---|---|---|---|---|---|
| سبی | 303,557 | 22,339 | 22,616 | 5,314 | 17,302 |
| کوہلو | 32,095 | 4,421 | 3,206 | 0 | 2,415 |
| ڈیرہ بگٹی | 29,398 | 27,396 | 23,096 | 4,399 | 13,064 |
| کاچھی | 79,309 | 24,252 | 21,785 | 11,157 | 10,628 |
| نصیر آباد | 219,392 | 190,689 | 217,278 | 216,598 | 680 |
| جعفر آباد | 218,144 | 215,619 | 218,050 | 217,370 | 680 |
| جھل مگسی | 130,114 | 70,332 | 70,255 | 44,255 | 21,009 |
| ذیلی ٹوٹل | 1,012,009 | 555,048 | 576,286 | 499,093 | 65,778 |
| بلوچستان | 3,194,438 | 1,064,328 | 1,109,560 | 535,651 | 481,676 |

### اہم فصلات

#### غذائی اجناس اور سبزیات (اکائی: ہیکٹر)

| ضلع | گندم | چاول | کپاس | ربی (سبزیات) | خریف (سبزیات) | پیاز | ٹماٹر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سبی | 12,140 | 0 | 6,832 | 174 | 98 | 50 | 67 |
| کوہلو | 2,705 | 0 | 198 | 110 | 275 | 0 | 385 |

| ضلع | گندم | چاول | کپاس | ربی (سبزیات) | خریف (سبزیات) | پیاز | ٹماٹر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈیرہ بگٹی | 17,527 | 52 | 1,516 | 40 | 24 | 21 | 14 |
| کاچھی | 8,010 | 0 | 1,685 | 2,322 | 341 | 53 | 452 |
| نصیر آباد | 77,810 | 66,490 | 26 | 2,525 | 475 | 3,080 | 1,416 |
| جعفر آباد | 71,750 | 100,790 | 13 | 694 | 207 | 1,280 | 492 |
| جھل مگسی | 51,869 | 146 | 0 | 180 | 46 | 82 | 70 |
| ذیلی ٹوٹل | 241,811 | 167,478 | 10,270 | 6,045 | 1,466 | 4,566 | 2,896 |
| بلوچستان | 394,064 | 170,018 | 36,779 | 17,340 | 18,099 | 28,154 | 13,118 |

## پھلدار درخت (اکائی: ہیکٹر)

| ضلع | سیب | انگور | خوبانی | بادام | آڑو | انار | کھجور |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سبی | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| کوہلو | 71 | 4 | 3 | 88 | 14 | 3 | 0 |
| ڈیرہ بگٹی | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| کاچھی | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 118 |
| نصیر آباد | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| جعفر آباد | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 7 |
| جھل مگسی | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 16 |
| ذیلی ٹوٹل | 71 | 4 | 3 | 88 | 14 | 3 | 141 |
| بلوچستان | 87,171 | 14,564 | 22,199 | 10,100 | 5,655 | 5,778 | 53,264 |

نوٹ: زیادہ تر علاقہ مون سون کی پٹی میں ہے۔ سالانہ اوسط بارش جنوب میں 180 ملی میٹر سے شمال میں 400 ملی میٹر تک ہوتی ہے۔ ای ٹی او 4.75 سے 6.08 ملی میٹر فی دن تک جاتی ہے۔
(حوالہ: بلوچستان کے مختلف زرعی ماحولیاتی زونز کے لیے بڑی فصلوں کی پانی کی ضروریات، IUCN، 2006)

## 3.2۔ گروپ 3 کے مختلف اضلاع کی خوبیاں

### ضلع سبی

#### 1) خاکہ

سبی ضلع لورالائی کے جنوب میں واقع ایک ضلع ہے جو کہ کپاس کی پیداوار کے لیے مشہور ہے۔ اسے پاکستان کا "ہاٹ سپاٹ" بھی کہا جاتا ہے جہاں گرمیوں میں درجہ حرارت 52 C سے زیادہ ہوتا ہے۔ 2017 کی مردم شماری کے مطابق یہاں کی کل آبادی 135,572 ہے۔ 2017 کی مردم شماری کے وقت، آبادی کا 38٪ بلوچی، 25٪ سندھی، 18٪ سرائیکی، 11٪ پشتو، 3٪ براہوی، 2٪ پنجابی اور 2٪ اردو زبان پر مشتمل تھا۔

#### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیاں: 7 (کاٹن 6- اور سرسوں 1-)

چونکہ کپاس ضلع کی اہم فصل ہے، اس لیے فیلڈ اسسٹنٹ کی اکثریت نے فیلڈ ورک 1 فارم سروے میں کپاس کی فصل کا انتخاب کیا۔ درج ذیل جدول فیلڈ ورک 1 کے ذریعے شناخت کیے گئے بڑے مسائل کی کچھ مخصوص مثالیں دکھائی گئی ہیں۔

**ضلع سبی میں کسانوں کو درپیش کپاس اور سرسوں کے مسائل**

| فصل: کپاس | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | Black root rot | پانی کی وجہ سے یہ بیماری سارے کھیت میں پھیلی | واضح نہیں ہے |
| | Bacterial blight | لوکل بیج یا غیرتصدیق شدہ بیج کا استعمال، جڑی بوٹیاں | واضح نہیں ہے |
| کیڑے | سفید مکھی | جڑی بوٹی کش زہروں کا استعمال نہ کرنا | زہروں کا استعمال |
| | دیمک | واضح نہیں ہے | تدارک کا عمل نہیں ہے |

| فصل: سرسوں | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مسئلہ | ممکنہ وجوہات | انسدادی اقدامات |
| بیماری | ایفڈ | غیرتصدیق شدہ بیج کا استعمال، زہروں کا استعمال نہ کرنا | تصدیق شدہ بیج کا استعمال، زہروں کا استعمال |

### 3) قابل فہم توسیعی سرگرمیاں

ضلع میں کپاس کی پیداوار اہم ہے، اس لیے متوقع توسیعی سرگرمیاں اس فصل پر مرکوز ہوں گی۔مثال کے طور پر، Root rot اور Bacterial Blight جیسی بیماریاں اس علاقے میں بڑے مسائل ہیں۔کیڑوں کی صورت میں سفید مکھی اور دیمک کاشتکاروں کے لیے مسائل ہیں۔تاہم، ممکنہ وجوہات اور جوابی اقدامات ان کسانوں کو اچھی طرح سے معلوم نہیں ہیں، اس لیے ان کسانوں کو ممکنہ حل فراہم کرنے کے لیے اور مسائل سے نمٹنے کے لیے مزید معلومات کی ضرورت ہوگی۔

**ضلع سبی میں فیلڈ ورک 2 کی توسیعی سرگرمیاں**

| فصل: کپاس | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| بیماری | Root rot | کیمیائی تدارک | |
| | Bacterial blight | جڑی بوٹیوں کا تدارک ضروری ہے | |
| کیڑے | سفید مکھی | کیمیائی تدارک | تصدیق شدہ بیج کا استعمال |
| | دیمک | کیمیائی تدارک | نیم کا درخت / Gainat calotrope دیمک کنٹرول کرنے کے لیے موثر ثابت ہوگا۔ |

| فصل: کپاس | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ بندی | مضمون | سرگرمی | ریمارکس |
| کیڑے | ایفڈ | کیمیائی تدارک | زمین کی لیولنگ کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ |

## ضلع کچھی

### 1) خاکہ

کچھی ضلع، جو 2008 تک بولان کے نام سے جانا جاتا تھا، وسطی بلوچستان کا ایک ضلع ہے۔ یہ جنوبی ایشیا میں کاشتکاری (گندم اور جو) اور چرواہے (مویشی، بھیڑ اور بکریوں) کے ساتھ قدیم ترین مقامات میں سے ایک ہے۔ 2017 کی مردم شماری کے مطابق یہاں کی کل آبادی 237,030 تھی۔ 2017 کی مردم شماری کے وقت، 45٪ آبادی بلوچی، 23٪ سندھی، 18٪ سرائیکی اور 13٪ براہوی زبان بولتی تھی۔

### 2) اہم زرعی مسائل

فیلڈورک 1 کی سرگرمیوں کی تعداد:9( منتخب شدہ فصل: کاٹن۔3، مونگ دال۔3، چھلی۔1، بینگن۔1، سورگم۔1)

